ICI PAKISTAN LTD.

# ہمقدم

A Part of YBG

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پبلی کیشن کا سہ ماہی جریدہ

جلد نمبر ۹ شمارہ نمبر ۲   اپریل تا جون ۲۰۱۹






# آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سال 19-2018 کے سالانہ نتائج

## غیر ملکی سرمایہ کار کی 7 بلین روپے کی سرمایہ کاری میں دلچسپی

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹر نے اپنے اجلاس منعقدہ 25 جولائی 2019 کو کمپنی کی سالانہ کارکردگی کے حوالے سے نتائج کا اعلان کر دیا۔ اعلامیے کے مطابق ڈائریکٹرز نے 45 فیصد حتمی نقد منافع دینے کا اعلان کیا اور اس کے ساتھ ساتھ شیئر ہولڈرز کو یہ خوشخبری بھی سنائی کہ ایک غیر ملکی سرمایہ کار کمپنی کی جانب سے 7 بلین روپے کی سرمایہ کاری میں دلچسپی ظاہر کی گئی ہے۔

### اہم مالیاتی نکات:

مجموعی نتائج جس میں کمپنی کے ذیلی ادارے یعنی آئی سی آئی پاکستان پاور جن لمیٹڈ، سرن فارماسیوٹیکلز (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور نیوٹریکو مورینا گا (پرائیویٹ) لمیٹڈ شامل ہیں، کا خالص ٹرن اوور گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 19 فیصد اضافے کے ساتھ 59,382 ملین روپے رہا جس میں سوڈا ایش 32 فیصد، پولیئسٹر 30 فیصد اور کیمیکلز اینڈ ایگری سائنسز کا حصہ 4 فیصد رہا۔

متذکرہ سال کے دوران آپریٹنگ منافع گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 7 فیصد اضافے کے ساتھ 4,943 ملین روپے رہا جس میں سوڈا ایش، پولیئسٹر اور کیمیکلز اینڈ ایگری سائنسز کی کارکردگی بالترتیب 32 فیصد، 29 فیصد اور 146 فیصد رہی۔

مجموعی طور سے بعد از ٹیکس منافع زیرِ غور سال کے دوران 2,537 ملین روپے رہا جو کہ گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 23 فیصد کمی ظاہر کرتا ہے۔ اس کی بنیادی وجہ انٹریسٹ ریٹ اور اس کے مالیاتی اخراجات پر اثرات اور اضافی ٹیکس اخراجات ہیں جو بعد از منافع میں کمی کا باعث بنے۔ جبکہ بعد از ٹیکس غیر مجموعی منافع اسی مدت کے دوران 2,305 ملین روپے اور فی حصص آمدنی 24.96 روپے رہی جو کہ گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 25 فیصد کم ہے۔

بورڈ نے اپنے اجلاس میں 30 جون 2019 کو ختم ہونے والے مالیاتی سال کیلئے 45 فیصد حتمی نقد منافع دینے کا اعلان کیا ہے جو کہ 10 روپے مالیت کے حصص پر فی حصص 4.50 روپے بنتا ہے۔ واضح رہے کہ یہ حتمی منافع 45 فیصد عبوری منافع کے علاوہ ہے جو کہ 4.50 روپے فی حصص کے حساب سے ادا کیا جا چکا ہے۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کو ایک بین الاقوامی فنانشل ادارے کی جانب سے 7 بلین روپے کمپنی گروتھ کیپیٹل میں تغیر پذیر سرمایہ کاری کی پیشکش موصول ہوئی ہیجو کہ مطلوبہ احتیاطی مراحل کی تسلی بخش تکمیل، حتمی معاہدوں کیلئے رضا مندی، تمام متعلقہ اداروں کی منظوری، بورڈ، حصص یافتگان اور سرمایہ کار اور کمپنی کی دیگر اندرونی رضامندیوں سے مشروط ہے۔ سرمایہ کاری کی یہ نئی درخواست کمپنی کی مینجمنٹ، حکمتِ عملی اور مستقبل میں ترقی کے بارے میں سرمایہ کاروں کے اعتماد کو ظاہر کرتی ہے۔ اس کے علاوہ کمپنی نے کئی اہم منصوبوں کو سال کے دوران مکمل کیا ہے تاکہ بہتر کارکردگی کا مظاہرہ ہو سکے۔

- 150,000 ٹن سالانہ پیداوار کے لائٹ ایش توسیعی منصوبے کا دوسرا مرحلہ 75,000 ٹی پی ایشروع ہو چکا ہے جبکہ کمپنی نے پہلے مرحلے میں 75,000 ٹن سالانہ پیداوار کا توسیعی منصوبہ فروری 2019 میں مکمل کر چکی ہے۔ واضح رہے کہ یہ ڈینس ایش کے 70,000 ٹن سالانہ توسیعی منصوبے کے علاوہ ہے ان منصوبوں کی تکمیل سے کمپنی مارکیٹ کی بڑھتی ہوئی طلب کو آسانی سے پورا کر سکے گی۔
- مئی 2019 میں اسٹیٹ آف دی آرٹ ماسٹر بیچ مینو فیکچرنگ پلانٹ نے کمرشل پروڈکشن آغاز کر دیا۔ ماسٹر بیچ پروجیکٹ کی بدولت کیمیکلز بزنس نے اپنے پورٹ فولیوز میں مارکیٹ کی طلب کے مطابق پلاسٹک کی صنعت کیلئے خوبصورت اور دلکش رنگوں کا اضافہ کیا ہے۔
- آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اکثریتی ملکیتی حقوق کے حامل انفنٹ فارمولا ملک نیوٹریکو مورینا گا (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ساتھ مشترکہ منصوبہ پر تعمیراتی کام جاری ہے جہاں پر مورینا گا انفنٹ فارمولا ملک بنے گا، تقسیم اور فروخت کیا جائے گا۔ اس منصوبے کا تجارتی پیمانے پر آغاز امید ہے کہ سال 2019 کی دوسری سہ ماہی کے بعد شروع ہو جائیگا۔

آصف جمعہ، چیف ایگزیکٹو، آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے اس ارتقائی عمل کے بارے میں تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ ”سخت معاشی حالات کے باوجود آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کیلئے یہ نہایت خوش آئین بات ہے کہ ایک غیر ملکی ادارے نے 7 بلینر و پیکی گروتھ کیپیٹل سرمایہ کاری کا ارادہ ظاہر کیا ہے۔ یہ ایک طرح سے ہمارے لوگوں کی صلاحیتوں پر، معاون شیئر ہولڈرز اور بزنسز پر اعتماد کا اظہار ہے جس کی وجہ ہمارا کاروبار ی نظم وضبط، استحکام، پائیداری اور ہماری اقدار ہیں۔ یہ سرمایہ کاری اس لحاظ سے بر محل ہے کہ ہم اس سال پاکستان میں اپنے کامیاب آپریشنز کے 75 سال کا سنگِ میل عبور کر رہے ہیں۔ ملک کے معاشی اور کاروباری پیش منظر میں ہم ایک جزوِلازم ہیں اور اس بات کا اعادہ کرتے ہیں کہ ہم انتخاب کے لحاظ سے بہترین ہیں اور ملک کی سماجی اور اقتصادی ترقی میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔

# اداریہ

### عزیز ساتھیو!

ہمقدم کا نیا شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ کمپنی کے ایک اور مالی سال کا اختتام 30 جون کو ہو چکا ہے اور باوجود مشکل معاشی حالات کے ہم سب نے ملکر کمپنی رفتار کو منظم اور برقرار رکھنے میں اپنا اپنا کردار ادا کیا ہے کیونکہ ہمارا عزم ہے کہ ہم ترقی کیلئے کوشاں (Cultivating Growth) رہیں گے۔ کمپنی کی کامیابی آپ سب کی کامیابی ہے جس کو ڈائریکٹرز نے اپنی رپورٹ میں سراہا۔

ہمارے سوڈا ایش میں سیفٹی ویک نہایت شاندار طریقے سے منایا گیا اور اس کے ساتھ ساتھ یومِ ارض (EarthDay) کے موقع پر پولیئسٹر نے بہترین آگاہی مہم چلائی اور کھیوڑہ میں آپ سب نے 100 پودے لگانا کا عزم کیا۔ یہ اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ ہم صرف تجارتی سرگرمیوں پر ہی نظر نہیں رکھتے بلکہ اپنے اردگرد کے ماحول کا بھی خیال رکھتے ہیں۔

اپنا اور اپنے اردگرد رہنے والوں کا اس یقین کے ساتھ خیال رکھیں کہ اوپر والا آپ کا خیال رکھے گا۔

ایڈیٹر۔ عبدالغنی
abdul.ghani@ici.com.pk
Tel: 021-32318148, 32314646
Cell: 0300-8238751

ہمقدم ایک سہ ماہی رسالہ ہے جو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اسٹاف کیلئے شائع کیا جاتا ہے۔ رسالہ میں شامل کسی بھی آرٹیکل کی اشاعت یا استعمال کیلئے اجازت لینا ضروری ہے۔

برائے رابطہ:
کارپوریٹ کمیونیکیشنز اینڈ پبلک افیئرز ڈیپارٹمنٹ
آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، 5 ویسٹ وہارف، کراچی 74000
ccpa.pakistan@ici.com.pk

# ایکسپلور فائنل راؤنڈ

منصور عثمان خان (لرننگ اینڈ ڈویلپمنٹ)



کاروباری طریقوں میں جدت اور نت نئے رجحانات کو متعارف کروانا ہمیشہ سے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی خصوصیت رہی ہے۔ جدت طرازی (Innovation) آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی اقدار میں سے ایک نمایاں قدر ہے۔ اسی سلسلے میں 2018 کی آخری سہ ماہی میں ایکسپلور کے نام سے انٹراپرنیور شپ پروگرام آئی سی آئی پاکستان میں لانچ کیا گیا جس میں تمام بزنس فنکشنز کو بھرپور طریقے سے شامل کیا گیا۔ آگاہی کے لئے تمام بڑے شہروں میں کمپنی کے دفاتر اور صنعتی مقامات پر ٹریننگ کا انعقاد کیا گیا۔ لوگوں کی دلچسپی اور انہماک کو بڑھانے کے لئے آن لائن ریفرل کوئز کا بھی اہتمام کیا گیا جس میں تمام شعبوں کی بھرپور شرکت رہی۔

200 سے زائد اچھوتے اور منفرد کاروباری منصوبے پیش کئے گئے جن میں سے 30 کے قریب منصوبوں کو منتخب کیا گیا۔ ان 30 منصوبوں کو قابلِ عمل بنانے کے لئے 6 دن کے مختلف اوقات میں ملک کے نمایاں تعلیمی اور تربیتی اداروں کے تعاون سے ٹریننگ کا اہتمام کیا گیا۔ منتخب کردہ منصوبوں سے منسلک ٹیموں کی استعدادِ کار اور عمل پذیری بڑھانے کے لئے مختلف اقدامات کئے گئے۔ اس سلسلے میں ایکسپلور کی ٹیم کی طرف سے سہولیات فراہم کی گئی۔

منتخب منصوبوں کو ہر مطلوبہ کسوٹی پر پرکھنے کے بعد مینجمنٹ کے سامنے پیش کیا گیا جہاں پر سوال اور جواب بھی ہوئے اور مکمل غور و خوص اور باہمی مشاورت کے بعد اِن 30 منتخب منصوبوں میں سے بھی چند اہم منصوبوں کی حتمی منظوری دی گئی جو بہرحال ایک نہایت مشکل مرحلہ رہا۔ منظور شدہ کاروباری بڑھوتری اور بچت کے منصوبوں سے منسلک ٹیموں کے ارکان کے مابین مختلف طرح کے انعامات کی تقسیم کا اعلان کیا گیا جس میں بیرونی ممالک کے تفریحی دورے اور نقد انعامات شامل ہیں۔ کاروباری اداروں میں اس طرح کے منظم مقابلوں کے انعقاد سے نئی کاروباری اور تجارتی ترجیحات کے تعین میں آسانی ہوتی ہے اور اِن کاروباری اداروں میں کام کرنے والے افراد کی شمولیت اِن کا اپنی ذات پر اور اپنے ادارے پر اعتماد کو بڑھانے میں بہت موثر ثابت ہوتے ہیں۔

نتائج کے مطابق مندرجہ ذیل ٹیمیں فاتح قرار پائیں۔

| | |
|---|---|
| پلاٹینیم کیٹیگری: | پولیئسٹر اینڈ کیمیکلز بزنس سے ایک ایک |
| ڈائمنڈ کیٹیگری: | فارماسیوٹیکلز بزنس سے دو ٹیمیں |
| گولڈ ایوارڈ کیٹیگری: | سوڈا ایش، فارماسیوٹیکلز اور کارپوریٹ سے ایک ایک |
| سلور ایوارڈ کیٹیگری: | فارماسیوٹیکلز، انیمل ہیلتھ پولیئسٹر اور نیوٹریکو سے بھی ایک ایک |

جیتنے والی تمام ٹیموں کیلئے یہ اعزاز کی بات تھی کہ ان کے تجویز کردہ منصوبوں کو کمپنی کی اعلیٰ مینجمنٹ نے مسلسل دو دن نہایت توجہ اور دلچسپی سے سنا جس کیلئے ٹیموں نے بہترین تیاری کی تھی جس کی بدولت مینجمنٹ کے پیچیدہ سوالات کے اطمینان بخش جوابات دیئے۔ جس سے نہ صرف ان کے اعتماد میں اضافہ ہوا بلکہ جب ان کا منصوبہ مطلوبہ کیٹیگری کے معیار پر پورا اترا تو کمپنی بھر میں چیف ایگزیکٹو کے خصوصی پیغام کے ذریعے تعریف بھی کی گئی۔

اب کمپنی کی بھرپور توجہ ان منصوبوں پر عمل درآمد پر ہے جو کہ ہمارے عزم "ترقی کیلئے کوشاں" (Cultivating Growth) کے عین مطابق ہے۔












# 13 واں سی ای او کرکٹ ٹورنامنٹ

## دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلے

رپورٹ: زوہیب شاہد

13 ویں سی ای او کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد خیابانِ امین کرکٹ گراؤنڈ میں 6 اپریل 2019 کو ہوا جس کا سب کو بے چینی سے انتظار تھا۔

اس کا طرز وہی تھا جو گزشتہ ایک دہائی سے چلا آرہا ہے جس میں 2 ٹیمیں سیمی فائنل تک پہنچتی ہیں پھر ان کا فائنل مقابلہ ہوتا ہے۔ ہر اننگ 10 اوورز پر مشتمل ہوتی ہے اور انفرادی طور پر جو بیٹسمین 30 رنز اسکور کرلیتا ہے اسے ریٹائر ہونا پڑتا ہے اور وہ اسی صورت میں دوبارہ بیٹنگ کیلئے کھیل میں شامل ہو سکتا ہے جب باقی تمام بیٹسمین آؤٹ ہو جائیں۔

پہلا میچ دفاعی چیمپیئن کارپوریٹ کنگز اور لائف سائنسز لائنز کے درمیان ہوا۔ کارپوریٹ کنگز نے لگاتار گزشتہ تین ٹورنامنٹ جیتے تھے اور اس بناء پر وہ فیورٹ ٹیم مانی جارہی تھی۔ بہرحال لائنز نے پہلے بیٹنگ شروع کی اور مقررہ 10 اوورز میں 189 رنز کا بھاری اسکور کرلیا۔ اس میں احسن نے شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے صرف 9 گیندوں میں 32 رنز بناڈالے جب کہ ان کے ساتھی عادل نے 10 گیندوں میں 28 رنز اسکور کئے۔ بعد میں آنے والے لائنز ندیم نے 9 گیندوں میں 33 رنز اسکور کئے اور عمیر نے 10 گیندوں میں 31 رنز بنائے۔ ان چاروں کی دھواں دار اننگ سے مخالف ٹیم کو 190 کا تقریباً ناممکن ٹارگٹ ملا۔ کارپوریٹ کنگز کی جانب سے ایم یوسف نے 2 وکٹیں لیں اور باؤلرز میں سبقت حاصل کی۔ کارپوریٹ کنگز نے مقابلہ تو خوب کیا لیکن 190 رنز کے پہاڑ جیسے اسکور کو عبور نہ کرسکے اور 38 رنز سے میچ ہار گئے، تاہم انہوں نے پوری کوشش کی اور 151 رنز کا مناسب اسکور کرلیا۔ وقاص نے 12 گیندوں میں 31 رنز بنائے اور برکت علی نے صرف 9 گیندوں پر 34 رنز اسکور کئے۔ لائف سائنسز کے اعجاز چوہدری میچ کے بہترین باؤلر قرار پائے جنہوں نے 2 اوورز میں صرف 19 رنز دیئے اور 3 وکٹیں حاصل کیں۔ اس طرح لائف سائنسز لائنز نے سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا۔

دوسرا سیمی فائنل پولیسٹر واریئرز اور سوڈا ایش اسٹرائکرز کے درمیان تھا جو 11.00 بجے شروع ہوا۔ واریئرز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے نے اپنے مقررہ 10 اوورز میں 112 رنز اسکور کئے جس میں یاسر نے 14 گیندوں میں 28 رنز اور عمیر نے 18 گیندوں میں 29 رنز بنائے۔ سوڈا ایش اسٹرائکرز نے ہدف کا پیچھا کرتے ہوئے بغیر کسی نقصان کے 9 ویں اوور میں ہدف حاصل کرلیا۔ یاسر نے 10 گیندوں میں 30 رنز بنائے جب کہ شیزل نے 14 گیندوں میں 32 رنز اسکور کئے۔

اس موقع پر فیملیز کے لئے پانی پوری اور دہی بڑوں کے اسٹال بھی لگائے گئے تھے جو میچ کے آغاز سے ہی موجود تھے۔ دوسرے سیمی فائنل کے بعد لذیذ لنچ کا اہتمام تھا جس میں باربی کیو، حلیم، جلیبیاں اور بہت کچھ شامل تھا۔ فیملیز خوبصورت ماحول میں پر تکلف فوڈ سے بہت لطف اندوز ہوئیں جس میں کھانے والے انگلیاں چاٹتے رہ گئے۔ اس تقریب کے منتظم اعلیٰ ہمیشہ کی طرح شمیم احمد تھے جن کو ایڈمن لاہور کی ٹیم کے علاوہ حسیب ستار، محمد یوسف اور زوہیب شاہد کا بھرپور تعاون حاصل تھا۔ منتظمین کی طرف سے جدید ڈیزائن کی رنگ برنگی شرٹس فراہم کی گئی تھیں جن سے فیملیز اور آئی سی آئی کے ملازمین کو ایک رنگارنگ اور پر لطف دن گزارنے کا موقع ملا اور انہوں نے خوب انجوائے کیا۔
















لنچ بریک کے بعد فائنل میچ کا آغاز ہوا جو سوڈا ایش اسٹرائکرز اور لائف سائنسز لائنز کے درمیان ہوا۔ سوڈا ایش کی ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے کل 103 رنز اسکور کئے جس میں سب سے نمایاں عبدالقادر رہے جنہوں نے 17 گیندوں میں 44 رنز بنائے اور ناٹ آؤٹ رہے۔ اعجاز چوہدری نے ایک بار پھر عمدہ بالنگ کا مظاہرہ کیا اور ایک میڈن اوور کے ساتھ انہوں نے 3 وکٹیں حاصل کیں۔ عمیر نے بھی اپنے ایک اوور میں 3 وکٹیں حاصل کیں۔ لائف سائنسز نے مقابلہ کرتے ہوئے صرف 7 اوورز میں ہدف حاصل کر لیا اور ٹرافی جیت لی جب کہ ان کی 8 وکٹیں باقی تھیں۔ ڈاکٹر اعجاز نے 14 گیندوں میں 34 رنز اسکور کئے جب کہ ندیم نے صرف 5 گیندوں پر 25 رنز اسکور کر کے کھیل کا اختتام کر دیا جس میں 4 چھکے بھی شامل تھے۔

اعجاز احمد کو ان کی تباہ کن باؤلنگ پر مین آف دی ٹورنامنٹ قرار دیا گیا۔ انہوں نے دونوں میچز میں صرف 19 رنز دیئے اور 6 وکٹیں گرائیں جب کہ انہوں نے صرف 3 اوورز کئے تھے جس میں فائنل میں ایک اوور میڈن رہا۔



# عید کی خوشیاں، تحفے

ہر سال گرمیوں کی چھٹیوں میں پارسی کمیونٹی کے بچے دوسرے بچوں کیلئے تحفے پیک کرتے ہیں ہر بچہ پیکنگ کیلئے سامان خود لیکر آتا ہے۔ کمیونٹی کے سینئر ان کی گفٹ تیار کرنے میں مدد کرتے ہیں اور جب یہ تمام گفٹ پیک ہو جاتے ہیں تو پھر انھیں تقسیم کرنے کا مرحلہ شروع ہوتا ہے۔

چیف فنانشل آفیسر کی سیکریٹری دلنواز مالباری کیونکہ پارسی کمیونٹی سے تعلق رکھتی ہیں اور ایک نہایت محبت بھرا، نرم دل رکھتی ہیں تو وہ اس سرگرمی میں ہر سال بڑھ چڑھ کر حصہ لیتی ہیں۔ اس سال سی سی پی اے اور سیلری ڈیپارٹمنٹ سے بھی والنٹیئر نے اس مہم میں حصہ لیا اور بچوں کے ساتھ گفٹ پیک کئے ۔ رمضان کا آخری ہفتہ چل رہا تھا اور عید قریب تھی۔

گفٹ پیک کرنے کے بعد طے پایا کہ سول اسپتال کے بچوں کے وارڈ میں جا کر یہ عید گفٹ باکس اسپتال میں داخل بچوں کو دیئے جائیں، اس سلسلے میں ڈاکٹر نائیلہ نے سول اسپتال کی انتظامیہ سے اجازت دلوائی اور یوں تمام بچے اپنے اپنے گفٹ لیکر جو کہ 55 کی تعداد میں تھے والنٹیئرز کے ساتھ سول اسپتال پہنچ گئے اور وارڈ میں موجود بچوں میں یہ گفٹ تقسیم کر دیئے۔ اس موقع پر نوشین احمد نے خصوصی طور پر شرکت کی اور بچوں کی کارکردگی کو بے حد سراہا۔






























سسٹینیبلٹی

# یومِ ارض (ارتھ ڈے)

رپورٹ: بلال احمد خان

ارتھ ڈے عالمی سطح پر منایا جانے والا دن ہے جو 1970 میں شروع ہوا اور تقریباً 193 ممالک میں ہر سال اس دن کو اس مقصد سے منایا جاتا ہے تاکہ ہم زمین کو مختلف قسم کے جو مسائل انسانی سرگرمیوں سے پیش آچکے ہیں اسکے بارے میں لوگوں میں آگاہی پیدا کریں اور زمین کو فضائی آلودگی، آبی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں سے درپیش مشکلات سے بچا سکیں۔

ہر سال یہ دن 22 اپریل کو منایا جاتا ہے اور ہر سال بدلتے دنوں کے حساب سے اس دن پر ایک مخصوص موضوع کو لے کر لوگوں میں آگاہی بیدار کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

22 اپریل 2019 کو ارتھ ڈے کو زمین میں بسنے والے نایاب نسل کے جانوروں / کیڑے مکوڑوں سپیشز کی حفاظت کی مناسبت سے منایا گیا۔ زمین میں لاکھوں سپیشز قدرت نے پیدا کی ہیں جنکا اس زمین کی حفاظت اور استحکام میں بہت اہم کردار ہے۔ ان میں کچھ سپیشز ایسی ہیں جنکو ہم جانتے اور پیار بھی کرتے ہیں جبکہ بہت سی ابھی تک دریافت بھی نہیں ہوئیں۔ تمام سپیشز کا زندگی کی پیچیدہ ویب (Web) میں ایک اہم کردار ہوتا ہے اور انسان کی سرگرمیوں نت نئے طریقوں اور ایجادات نے ان سپیشز کا اس زمین پر گزارہ مشکل بنادیا ہے بلکہ کچھ ایسی سپیشز بھی ہیں جو ختم ہونے والی ہیں یا اس کے قریب ہیں جن میں ہاتھی / زرافہ / وہیل / حشرات اور بھی بہت سی ہیں۔ ان سب کے ناپید ہونے کی وجہ یا خطرات انسانی زندگی کی سرگرمیاں ہیں جنکو کم کرنے کی ضرورت ہے تاکہ قدرت کے بنائے قانون میں ہر زندہ چیز جسکا ایک مقصد ہوتا ہے جو زمین کے استحکام کے لئے بہت ضروری ہے کو بچایا جائے۔ (درختوں کی کٹائی ایسی سپیشز کے ناپید ہونے کی بڑی وجہ ہے جس سے زمین پر موسمیاتی تبدیلیاں بڑی تیزی سے رونما ہورہی ہیں جو کہ زمین کے ختم ہونے یا اس طرف تیزی سے بڑھنے کی نشاندہی بھی کرتی ہے۔










آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیسٹر بزنس نے اس دن خاص طور سے محکمہ ماحولیات کے رانا اصغر علی ڈپٹی ڈائیریکٹر اور دیگر افسران کو بھی مدعو کیا تاکہ وہ اس دن کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کریں اور ساتھ ہی ساتھ اس دن کی اہمیت کو بھی اجاگر کریں۔ اس دن کے حوالے سے شجر کاری مہم کا آغاز رانا اصغر علی نے پودا لگا کر کیا۔










سسٹینیبلٹی

# ناکارہ چیزوں کا آرائشی اور بہتر استعمال









آج کل کے دور میں جب کہ ہر طرف مہنگائی کا طوفان ہے اور ہر کوئی کم سے کم اخراجات کے ذریعے زیادہ سے زیادہ اور بہترین فائدہ اٹھانے کی سوچتا ہے۔ جدت کسی کی میراث نہیں ہوتی۔ اس کیلئے صرف ذرا سا مختلف انداز سے دیکھنا اور سوچنا ہوتا ہے۔ ہمارے ہیڈ آفس ایڈمن کی ٹیم نے بھی دوائیوں کے خام مال کے ڈبوں کو ذراسی جدت دیکر انھیں ڈسٹ بن بنادیا اور ہیڈ آفس میں تمام پرنٹرز کے ساتھ رکھوادیا۔ ان ڈبوں میں ہمارے نیوٹرا سیکلز پلانٹ پر خام آتا ہے اور استعمال کے بعد انھیں کباڑی کو دیدیا جاتا ہے۔

اسی طرح سے ہمارے ایچ بی پلانٹ کے ساتھی عزیز الرحمن نے پلاسٹک کے خالی ڈرمز جن میں مختلف کیمیکلز آتے ہیں انھیں نہایت خوبصورتی سے گملوں کی شکل دیدی۔ اب یہ نئے گملے آئی سی آئی پاکستان ہیڈ آفس کے داخلی دروازے کے باہر نہایت خوبصورت انداز میں ماحول کو خوشگوار بنارہے ہیں۔

اس حوالے سے دیکھا جائے تو ہمارے پاور جن پلانٹ کے جعفر نقوی وہ پہلے فرد ہیں جنھوں نے ناکارہ چیزوں کے مختلف انداز سے استعمال کے بارے میں سوچا اور پھر اس کو عملی جامہ بھی پہنایا۔ ہمارے شیخوپورہ پلانٹ پر ان کے بے شمار شاہکار موجود ہیں جن کو انھوں نے مختلف انداز سے جدت دیکر قابل دید، قیمتی اور آرائشی اشیاء میں تبدیل کر دیا۔

آپ بھی اپنے ارد گرد ناکارہ چیزوں کو دیکھیں۔ ان کا نئے طریقے سے استعمال کے بارے میں سوچیں۔ عمل کریں اور اپنے منیجر کو کر کے دکھائیں اور ہمیں تصویر کے ساتھ اسٹوری بھیجیں۔



سسٹینیبلٹی

# کھیوڑہ میں یومِ ارض کی تقریب














دنیا بھر میں ارتھ ڈے (یوم ارض) ہر سال 22 اپریل کو منایا جاتا ہے جس میں شرکاء زمین سے اپنی محبت کا اظہار کرتے ہیں اور اس کے تحفظ کیلئے عہد و پیماں کرتے ہیں۔ اس سال کھیوڑہ میں منعقدہ تقریب میں بھی شرکاء نے ماحول کے تحفظ کیلئے اپنی تمام تر کوششوں کو جاری رکھنے کا عہد کیا اور اس کا عملی مظاہرہ بزنس کے اسٹاف نے پہچان والنٹیئر پروگرام کے تحت ایک ہزار پودے لگا کر کیا۔ ونگٹن اسکول کے بچوں اور کمیونٹی کے کارکنوں نے بھی اس تقریب میں شرکت کی اور زیادہ دلچسپی سے اور نمایاں ترین انداز میں یومِ ارض منایا۔ ڈسٹرکٹ انوائرنمنٹ آفیسر، جہلم، اظہار الحق نے بھی اس تقریب میں شرکت کی اور صحت بخش ماحول کیلئے بزنس کی مجموعی کاوشوں کو سراہا۔

یہاں یہ بتانا بھی اہم ہے کہ بزنس میں کام کے کلچر کو صحت بخش اور سرسبز رکھنے کی کوششوں کے سلسلے میں اب تک سوڈا ایش بزنس کی جانب سے 450,000 سے زیادہ پودے لگائے جا چکے ہیں۔ پہچان والنٹیر پروگرام کے تحت یومِ ارض کی تقریبات سے نہ صرف اسٹاف میں ماحول کے تحفظ کیلئے احساسِ ذمہ داری اجاگر ہوا اور اس میں اضافہ بھی ہوا بلکہ اسکول کے بچوں اور ان سے بڑھ کر کمیونٹی کے افراد میں ماحول کا خیال رکھنے اور ماحول دوستی کو فروغ دینے کا پیغام بھی پہنچا۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کا محفوظ اور صحتمند ماحول کا عہد وسیع تر کمیونٹی اور ہماری آنے والی نسلوں تک کیلئے ہے اور یہ کوششیں دن بہ دن مضبوط اور تیز تر ہو رہی ہیں۔



سسٹینیبلیٹی
























Celebrate Earth Day


Celebrate








Every day is Earth Day!




Earth Day


Tree Plantation Drive


Tree Plantation Drive







# ککاپیر اسکول۔ سالانہ تقریب

ککاپیر اسکول سینڈز پٹ کے قریب ماہی گیروں کی بستی ککاپیر کے قریب واقع ہے۔ اسکول میں اس وقت 200 سے زائد بچے تعلیم حاصل کر رہے ہیں جس میں 70 فیصد تعداد طالبات کی ہے۔ اگرچہ یہ پرائمری اسکول ہے اور پانچویں جماعت کے بعد طلبہ اور طالبات قریب ہی میں واقع سیکنڈری اسکول میں داخلہ لیتے ہیں تا کہ تعلیم جاری رہے۔ لیکن گوٹھ کے کچھ والدین کا خیال ہے کہ لڑکیوں کو گھر سے اتنی دور اور پھر لڑکوں کے ساتھ تعلیم نہیں حاصل کرنی چاہیئے چنانچہ گوٹھ کی لڑکیوں کی تعلیم سے لگن کو دیکھتے ہوئے آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن کی جانب سے اسی اسکول میں 2016 سے لڑکیوں کیلئے چھٹی جماعت کا آغاز کیا گیا اور اس سال آٹھویں جماعت شروع ہو گئی ہے۔ جس کے باعث لڑکیاں اور ان کے والدین بہت خوش ہیں۔

ہر سال امتحانی نتائج کے بعد اسکول میں سالانہ تقریب کا انعقاد کیا جاتا ہے جس میں طلبہ اور طالبات اپنی بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ سال 19-2018 کی سالانہ تقریب 30 اپریل کو اسکول کے گراؤنڈ میں منعقد ہوئی جس کی مہمان خصوصی نوشین احمد جنرل کونسل، کمپنی سیکریٹری اور ہیڈ آف سی سی پی اے تھیں۔ ان کے ہمراہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے دیگر اسٹاف ممبرز نے بھی اس تقریب میں شرکت کی۔

گوٹھ سے بچوں کے والدین کی ایک کثیر تعداد بھی اس تقریب میں شرکت کرتی ہے۔ بنیادی طور پر اسکول کی یہ تقریب گوٹھ کی خواتین کیلئے ایک تفریحی موقع فراہم کرتی ہے جس میں بچے تقاریر، نظمیں اور خاکے پیش کرتے ہیں۔ اس تقریب کی خاص بات بچوں کا فینسی ڈریس شو ہوتا ہے جس میں ننھے منے بچے اپنے فن کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

سال 2019 کی تقریب کی خاص بات اسکول کی مینجمنٹ کمیٹی کی جانب سے بہترین مثالی ماں ایوارڈ کا اجراء تھا۔ ایوارڈ کی


















تفصیل کے بارے میں تمام ماؤں کو بتایا گیا کہ یہ ایوارڈ کیوں دیا جا رہا ہے اور اس کو اگر آپ نے حاصل کرنا ہے تو آپ کو مندرجہ ذیل چیزوں کا خیال رکھنا ہوگا۔

مثالی ماں کی ذمہ داریاں:

1 اپنے بچوں کو اسکول میں داخل کروائے۔
2 اپنے بچے کی اسکول میں روزانہ حاضری یقینی بنائے۔
3 اسکول میں میٹنگ اٹینڈ کرے۔
4 بچے کا اسکول میں یونیفارم صاف ستھرا اور دھلا ہوا ہو۔
5 بالوں میں تیل اور صحیح طریقے سے بنے ہوں۔
6 ناخن کٹے ہوئے اور دانت برش کئے ہوں۔
7 جوتے پالش کئے ہوں۔
8 بچے نے ہوم ورک کیا ہو۔








مثالی ماں ایوارڈ کے انتخاب کے حوالے سے اسکول کی تمام جماعتوں کو تین گروپ میں تقسیم کیا گیا۔ اساتذہ اور انتظامیہ کے متفقہ فیصلے کے مطابق!

| | |
|---|---|
| نرسری تا کے جی | والدہ حرا اور ہما (نرسری) |
| جماعت 1 تا 4 | والدہ زینب (کلاس دوم) |
| جماعت 5 تا 8 | والدہ نصیر (کلاس ششم) |

مثالی ماں ایوارڈ کے حقدار قرار پائے۔

تقریب سے مہمانِ خصوصی نوشین احمد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج مجھے ان بچوں کی پرفارمنس دیکھ کر بے حد خوشی ہوئی ہے۔ آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن اس اسکول کے ساتھ عرصہ دراز سے تعاون کر رہی ہے اور مجھے نظر آ رہا
























ہے کہ ہم نے گوٹھ کے بچوں اور باشندوں میں تعلیم کا احساس پیدا کر دیا ہے۔ اس سے قبل جنرل سیکریٹری اعجاز احمد نے خطاب میں نوشین احمد اور تمام مہمانوں کا ان کی آمد پر شکریہ ادا کیا اور آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن کے مسلسل تعاون کو سراہا۔ انھوں نے خاص طور سے حسین ٹرسٹ کا شکریہ ادا کیا کہ جنہوں نے اسکول میں پینے کے پانی کا فلٹر پلانٹ اور بچوں کیلئے جھولے لگوائے جن پر بچے اپنے بریک ٹائم میں خوب مزے کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ حسین ٹرسٹ کے لوگ آئندہ بھی ہمارے ساتھ تعاون جاری رکھیں گے۔








سسٹینیبلیٹی

# روشن لیاری پروگرام

## لیاری کے نوجوان لڑکیوں کیلئے ہنر سیکھ کر روزگار کے مواقع

لیاری کراچی کی قدیم بستیوں میں شمار کی جارتی ہے۔ یہاں بلوچ، کچھی، میمن اور دیگر اقوام کے لوگ آباد ہیں۔ یہ ایک گنجان آباد ٹاؤن ہے۔ تعلیم، صحت اور روزگار کے مسائل سب سے زیادہ ہیں لیکن یہاں کے بچوں کے ٹیلنٹ میں کوئی کمی نہیں ہے۔ کھیلوں کے حوالے سے لیاری فٹبال اور باکسنگ میں پاکستان بھر میں نرسری کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہاں رہنے والے زیادہ تر محنت مزدوری کرتے ہیں یا مچھلی کا کاروبار کرتے ہیں۔

لیاری کے نوجوانوں کیلئے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے روشن لیاری پروگرام 2016 میں شروع کیا۔ جس کے تحت نوجوانوں کو ایم ایس آفس، فیشن ڈیزائننگ اور ہاؤس ہولڈ ٹیلرنگ اور بیوٹیشن کے کورسز کروائے جاتے ہیں۔ یہ کورسز لیاری کے سوشل ورکر کے قائم کردہ ادارے سندھ ٹیک اسکلز ڈیولپمنٹ اور ووکیشنل ٹریننگ سینٹر، کھیوڑہ کے تعاون سے کرائے جارہے ہیں۔ سندھ اسکلز ٹیک ڈیولپمنٹ کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس کو بینظیر بھٹو انکم سپورٹ پروگرام کے تحت بھی کورسز ملے ہیں اور نہایت خوش اسلوبی سے وہ کورسز بھی پایہ تکمیل کو پہنچے ہیں۔

آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن کے تحت ایم ایس آفس، فیشن ڈیزائننگ ہاؤس ہولڈ ٹیلرنگ اور بیوٹیشن کورس کے تیسرے بیچ کی تقسیم اسناد کی تقریب 4 مئی 2019 بروز ہفتہ ووکیشنل ٹریننگ سینٹر کھیوڑہ میں منعقد کی گئی۔ اس تقریب کی مہمان خصوصی محترمہ فریحہ صلاح الدین، جنرل منیجر اتچ آر، آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ تھیں۔ تیسرے بیچ میں کل 84 طلباء اور طالبات نے حصہ لیا۔ واضح رہے کہ اب تک آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن کے زیر انتظام ان کورسز سے 329 طلباء اور طالبات فائدہ اٹھا چکے ہیں اور ان میں سے کافی زیادہ تعداد مختلف اداروں میں نوکری کر رہے ہیں یا لڑکیاں اپنا خود کا کاروبار کر رہی ہیں۔

واضح رہے کہ سندھ ٹیک اسکلز ڈیولپمنٹ سینٹر سے اب تک 1432 بچے فائدہ حاصل کر چکے ہیں جس میں آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن کے بچوں کی تعداد بھی شامل ہے۔




"میں جب اس سینٹر میں آئی تھی تو مجھے سلائی بالکل نہیں آتی تھی۔ میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اور سندھ ٹیک اسکلز ڈیولپمنٹ سینٹر کی انتہائی شکر گزار ہوں کہ انھوں نے مجھے یہ ہنر سیکھنے کا موقع دیا۔ میری گزارش ہے کہ اس کورس کو ایک سال کا ڈپلومہ کورس میں تبدیل کریں"

**حنا غوث بخش**
اسٹوڈنٹ: فیشن ڈیزائننگ اینڈ ہاؤس ہولڈ ٹیلرنگ کورس II










"میں لیاری کے علاقے کھڈہ میں رہائش پذیر ہوں۔ موجودہ دور اور مالی حالات کے پیش نظر میں اپنے کپڑے درزی کو نہیں دے سکتی تھی۔ جب مجھے معلوم ہوا کہ ہمارے علاقے میں سلائی سکھائی جارہی ہے تو میں نے بالکل دیر نہیں کی اور فوراً داخلہ لے لیا۔یہاں ٹرینر بہت اچھی ہیں۔ میری ڈونر سے درخواست ہے کہ وہ اس کورس کے دورانیے کو مزید بڑھائیں تاکہ ہم اچھے ٹیلر / کاریگر بن سکیں۔"

**روبینہ منصور**
ٹیلرنگ کورس-II۔ لیاری، کھڈہ




اس موقع پر فیشن ڈیزائننگ اور بیوٹیشن کورس کے اسٹوڈنٹس نے اپنے تیار کئے ہوئے ڈریسز کی نمائش اور ماڈلز کی کیٹ واک کا بھی اہتمام کیا تھا۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سندھ اسکلز ٹیک ڈیولپمنٹ کے روح رواں عبدالطیف ڈورائی نے تقریب میں شرکت کرنے پر تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور سینٹر کی کارکردگی کی رپورٹ پیش کی۔ انھوں نے خاص طور سے آئی سی آئی پاکستان لیمٹڈ اور آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن کے تعاون کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی سماجی تعاون کی ٹیم نے میرا بہت ساتھ دیا ہے جس کی بدولت سندھ اسکلز ڈیولپمنٹ سینٹر لیاری میں ایک نمایاں ادارہ بن گیا ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ آئی سی آئی مستقبل میں بھی لیاری کے بچوں کیلئے ان پروگراموں کو جاری رکھے گا۔اس موقع پر تمام طلبہ اور طالبات کو کورسز کی تکمیل پر اسناد تقسیم کی گئیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی فریحہ صلاح الدین نے کہا کہ مجھے آپ لوگوں کے کام کو دیکھ کر بے حد خوشی ہورہی ہے۔ آپ لوگوں نے ہنر حاصل کیا جو وہ چیز ہے جو آپ سے کوئی چھین نہیں سکتا، ہم نے آپ کو





ایک روشن راستہ دکھایا ہے اب آپ لوگ جتنی زیادہ محنت کریں گے یہ راستہ آپ کیلئے روشنیوں سے بھرتا چلا جائے گا۔ آپ لیاری کے وہ چراغ ہیں جو جلیں گے تو روشنی ہو گی اور لیاری سے غربت اور جہالت کے اندھیرے دور ہوں گے اسی لئے ہم نے اس پروگرام کا نام روشن لیاری رکھا ہے تاکہ لیاری کا جو خراب تاثر ہے وہ روشنیوں میں بدل جائے۔ اس موقع پر فیشن ڈیزائننگ اسٹوڈنٹس کے بنائے ہوئے کچھ سوٹس بھی انھوں نے خریدے۔

میں بیوٹیشن کلاس کی شاگرد ہوں۔ یہاں آکر مجھے بہت کچھ سیکھنے کو ملا، اس سے قبل بالکل اندازہ نہیں تھا کہ بیوٹیشن کی کلاس کیسی ہوتی ہے، میں نے اب اتنا کچھ سیکھ لیا ہے کہ میں اب آرام سے کچھ پیسے کما رہی ہوں، کبھی فیشل کر کے، کبھی مینی کیور کر کے اور کبھی ہیئر کٹنگ کر کے۔ میں چاہتی ہوں کہ اپنا کورس مکمل کر کے اپنا پارلر کھولوں۔ شکریہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اور سندھ ٹیک اسکلز ڈیولپمنٹ سینٹر لیاری۔

**سمیر اصدام**
بیوٹیشن کلاس II







# سیفٹی ویک پولیئسٹر

رپورٹ: بلال احمد خان




سڑک پر سفر کرنے والوں کے غیر محفوظ ڈرائیونگ کے نتائج سے خود کو محفوظ رکھنے کیلئے دفاعی حکمت عملی اپنانا نہایت ضروری عمل ہے۔ دفاعی ٹریننگ محفوظ ڈرائیونگ کی حکمت عملی اور خطرات سے نمٹنے کے طریقے سیکھاتی ہے۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیئسٹر بزنس میں ملازمین روزانہ ارد گرد کے علاقوں سے پلانٹ پر آتے ہیں انکے سفر کو محفوظ بنانے کیلئے اس سال بھی دفاعی ڈرائیونگ پر تربیتی سیشن نیشنل ہائی وے اتھارٹی (NHA) کے تعاون سے کروایا گیا۔



رویے کی بنیاد پر حفاظت ایک ایسا عمل ہے جس سے منیجمنٹ اور ملازمین کے درمیان حفاظت کی شراکت داری پیدا ہوتی ہے جو مسلسل لوگوں کو اور انکے روزانہ کی حفاظت کے طریقے کار پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیئسٹر بزنس پلانٹ پر (BBS) رویے کی بنیاد پر حفاظت سے متعلق باقاعدہ پرمٹ سے کام کرنے کا نظام تحریری طور پر قائم ہے جو ممکنہ طور پر خطرناک کاموں کو کنٹرول کرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے اس اجازت نامہ کی دستاویز پر کام کو محفوظ بنانے کیلئے احتیاطی تدابیر درج کی گئی ہیں جو ہر کام کرنے اور کروانے والے کے سیفٹی سے متعلق رویے کو عملی طور پر ظاہر کرتا ہے۔ اس حوالے سے ایک باقاعدہ تربیتی سیشن پیشہ ورانہ سیفٹی کے ادارے (OSMES) پاکستان سے کروایا گیا۔




## ہنگامی صورت میں اخراج

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ بزنس نے آگ سے ہونے والی تباہی کو کم کرنے کیلئے اور اسکی سیفٹی سے متعلق ہدایات کے لئے Rescue1122 کی خدمات حاصل کیں اسکے ساتھ ایمرجنسی سے نمٹنے کے لئے کی جانے والی کوششیں / مشقیں بھی اس سیشن کا حصہ تھیں ان مشقوں کا مقصد 1122 سے جدید طریقوں کو سیکھنا اور ان پر عمل پیرا ہونا ہے جو کسی بڑے نقصان سے بچنے کے لئے مفید ثابت ہوتی ہیں۔ ان مشقوں سے اس عمل کو یقینی بنایا جاتا ہے کہ پلانٹ پر موجود تمام ملازمین ہنگامی صورتحال اور آگ لگنے کی صورت میں تمام احتیاطی تدابیر سے بخوبی واقف ہوں اور اسکے ساتھ فائر کے آلات کو استعمال کرنے کا طریقہ اور عملی طور پر کرکے بھی دیکھایا گیا۔




























**ویژن زیرو**

انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن (ILO) کے مطابق ہر سال (2.2M) ملازمین کام سے متعلق حادثات اور بیماریوں کا شکار ہو کر زندگی کی بازی ہار جاتے ہیں جبکہ (270M) اور اس سے بھی زیادہ ملازمین ہر سال سنگین یا غیر مہلک زخموں کا سامنا کرتے ہیں جبکہ (160M) ملازمین کام سے متعلق بننے والی وجوہات کی وجہ سے مختصر یا طویل عرصے کیلئے بیماری کا سامنا کرتے ہیں۔ اس موضوع کی بناء پر پیشہ ورانہ سیفٹی اور ہیلتھ ڈے ہر سال 28 اپریل کو منایا جاتا ہے پاکستان میں اس پر پہلی کانفرنس 28 اپریل 2018 کو ہوئی جس میں ویژن زیرو (VisionZero) متعارف کروایا گیا۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیئسٹر نے (SAACIWCE) سعید احمد اعوان سینئر فار ملازمین جو کام کرنے کے طریقوں / حالات اور ماحولیات کی بہتری کے لئے کام کرتا ہے سے (VisionZero) کا سیشن کروایا جس کا مقصد پیشہ ورانہ سیفٹی کی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا۔

**الیکٹرک سیفٹی**

جدید دور میں شاید ہی کوئی ہو جو بجلی کے بغیر رہتا ہو یہ نہ صرف ہمارے لئے بہت اہمیت اختیار کر گئی ہے بلکہ اسکے ساتھ جان لیوا بھی ہے۔ بجلی کے خطرات کا انحصار کرنٹ کے بہاؤ پر ہوتا ہے جو کسی فرد کے خراب الیکٹریکل آلات یا سرکٹ کو چھونے سے پیدا ہوتا ہے۔ جب کرنٹ کا بہاؤ ایک مخصوص حد سے بڑھ جاتا ہے اسکے نتیجے میں بجلی کا جھٹکا یا ضمنی حادثہ ہونے کا اندیشہ خاصہ بڑھ جاتا ہے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیئسٹر بزنس میں الیکٹریکل سیفٹی کے بنیادی اصولوں سے واقفیت کیلئے تربیتی سیشن بجلی کے آلات بنانے کے مشہور ادارے ABB کی مدد سے کروایا گیا جس میں الیکٹریکل سیفٹی کے بنیادی اصولوں دیکھ بھال / مرمت اور ٹیسٹنگ کے ساتھ ساتھ ذاتی آلات سیفٹی جو الیکٹریکل کے کام میں جو استعمال ہوئے اس بارے میں بھی بتایا گیا۔

سیفٹی ویک کے دوران مندرجہ ذیل افراد نے بطور ٹرینر اپنے ادارے کی نمائندگی کی۔

| | | |
|---|---|---|
| 1 | محمد مجاہد | (SAACIWCE) |
| 2 | رانا عرفان | (NHA) |
| 3 | علی اعوان | (RESCUE1122) |
| 4 | محمد تیمور خان | (ABB) |
| 5 | سجاد احمد | (OSHES) |

# سیفٹی اینڈ ہیلتھ ڈے

## سیفٹی ڈے

دنیا کے مختلف حصوں میں نیشنل اور انٹر نیشنل سطح پر سیفٹی کیلئے کام کرنے والے اداروں اور سیفٹی کو اہمیت دینے والی کمپنیوں کے تعاون سے عالمی سطح پر پیشہ ورانہ سیفٹی اور ہیلتھ ڈے کا انعقاد کیا جاتا ہے جو (OSHDay) کہلاتا ہے۔

انٹر نیشنل لیبر آرگنائزیشن (ILO) کے مطابق ہر سال (2.2M) لوگ / ملازمین کام سے متعلق حادثات اور بیماریوں کا شکار ہو کر زندگی کی بازی ہار جاتے ہیں جبکہ (270M) سے بھی زیادہ لوگ ہر سال سنگین غیر مہلک زخموں کا اپنے کام کرنے کی جگہ پر سامنا کرتے ہیں.

اس دن کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لئے پنجاب لیبر اور ہیومن ریسورس محکمے نے GIZ کے تعاون سے پہلی کانفرنس 28 اپریل 2018 کو کروائی جس کا مقصد نیشنل اور انٹر نیشنل سطح پر پیشہ ورانہ سیفٹی اور ہیلتھ ڈے کے بارے میں جاری کوششوں طریقوں اور آنے والے جدید دور میں درپیش سیفٹی مسائل کو اجاگر کرنا تھا۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیئسٹر کی ایچ ایس ای ٹیم نے کارپوریٹ ایچ ایس ای کے ساتھ ملکر اس تقریب میں شرکت کی۔

اس پیشہ ورانہ سیفٹی اور ہیلتھ ڈے 2019 کا موضوع مستقبل میں کام اور اس سے متعلق صحت اور حفاظت تھا جس پر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کارپوریٹ ایچ ایس ای منیجر ظفر فرید نے شرکاء کے سامنے آئی سی آئی پولیئسٹر بزنس پر جاری سیفٹی اصولوں، سیفٹی کی اہمیت اور جاری مشکلات اور انکے حل کے بارے میں بتایا۔ اس تقریب میں پنجاب ہیومن ریسورس GIZ اور سعید احمد اعوان سینئر برائے موحولیاتی اور پیشہ ورانہ سیفٹی قوانین کے لوگوں نے شرکت کی۔



## آئی ایس او۔ معیار کا تصدیق نامہ

ISO آئی ایس او: 9001:2015 یہ سرٹیفیکیٹ کسی بھی کمپنی میں کوالٹی کے معیار کو برقرار رکھنے کا حامل ہے۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیئسٹر بزنس گزشتہ 25 سالوں سے ISO سرٹیفائیڈ کمپنی ہے۔ ISO۔(9001) کوالٹی منیجمنٹ سسٹم کی منصوبہ بندی نفاذ اور آڈیٹنگ کے ذمہ دار افراد کے علم اور مہارت کو برقرار رکھنے کے لئے تربیتی سیشن ISO کو آرڈینیٹرز کے لئے رکھا گیا۔

## کیمیکلز سیفٹی

ایک کیمیائی حفاظتی پالیسیاں / پالیسی بنانا (قائم کرنا) اور اسکو برقرار رکھنا نہ صرف انسانی زندگی کو بچاتا ہے بلکہ ماحول کی حفاظت کے ساتھ ساتھ سزا اور جرمانہ سے بھی بچاتا ہے۔ کیمیکل کسی بھی شکل میں اسٹور کیا جاسکتا ہے سنبھالا اور استعمال بھی کیا جاسکتا ہے اگر اسکی خطرناک جسمانی اور کیمیائی خصوصیات کو سمجھا جاتا ہو۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیئسٹر بزنس نے مینجمنٹ اسٹاف کے لئے پیکڈ کیمیکلز کو محفوظ طریقہ سے ذخیرہ کرنے پر سیشن کروایا۔





# ذمہ دار انجینئرز کیلئے تربیتی نشست

کام کی جگہ اسی وقت حقیقی معنوں میں محفوظ اور باحفاظت ہوسکتی ہے جب ہر ایک ملازم HSE&S کے معمولات اور طریقہ ءکار سے اچھی طرح واقف ہو اور پابندی کے ساتھ ان پر عمل کرے۔ لہٰذا HSE&E کے بارے میں آگاہی اور تربیت ہماری کمپنی کے HSE منیجمنٹ سسٹم کا ناگزیر حصہ ہیں۔ ان تربیتی نشستوں کے ذریعہ پیشہ ورانہ صحت، تحفظ، رسک کو ختم کرنے، خطرات کی نشاندہی، حادثات کی تفتیش اور ماحولیات کے بہت سے پہلوؤں کا احاطہ کیا جاتا ہے۔

ایچ ایس ای کے حوالے سے ہمارے تربیتی پروگرام میں صحت اور تحفظ کے مسائل پر توجہ دی جاتی ہے جس سے خطرات سے نمٹنے کے بہترین طریقہ کا تعین ہوتا ہے۔ اس پروگرام کے ذریعہ ملازمین کو اپنی جاب کی ذمہ داریوں کو سمجھنے، کام کی جگہ پر موجودہ آئیڈیاز کی تجدید کرنے، نئے آئیڈیاز اور طرز عمل پیش کرنے اور تحفظ اور صحت پروگرام کے مقاصد کو عملی شکل دینے میں مدد ملتی ہے۔

کارپوریٹ HSE کی جانب سے سائٹ کے ذمہ دار انجینئر اور پولیئسٹر بزنس کے دیگر انجینئرز کے بارے میں خصوصی تربیت کا اہتمام کیا گیا۔ ایک جامع سیشن میں کسی فرد کے کارپوریٹ انجینئر ہونے کے ناطے اس کے طریقہ ءکار (CEPs) میں اس کے کردار اور ذمہ داریوں کے بارے میں آگہی فراہم کی گئی۔ اس ورکشاپ میں ذمہ دار انجینئرز کو ہر طریقے اور شرائط سے واضح آگہی دی گئی جن سے وہ تمام رہنماہدایات پر عمل درآمد کو یقینی بنا سکتا ہے۔ اس تفصیلی باہم گفت وشنید کی روشنی میں کوئی بھی ذمہ دار انجینئر اپنے شعبہ میں انرجی، اخراج، پانی اور ویسٹ کو مانیٹر کرنے کیلئے طریقہ ءکار اور تبدیلیوں پر عمل درآمد کا جائزہ لے سکتا ہے۔



# تعارفی میٹنگ

نعمان شاہد افضل نے مورخہ 10 جون 2019 کو بطور وائس پریذیڈنٹ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے پولیسٹر بزنس کو جوائن کیا۔ لہٰذا آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیسٹر ایمپلائز یونین کی وائس پریذیڈنٹ سے مورخہ 28 جون 2019 کو ایک تعارفی میٹنگ ہوئی جس میں یونین کے تمام عہدیدار اور سینئر منیجمنٹ نے شرکت کی۔ وائس پریذیڈنٹ نے بزنس کے حوالے سے یونین کے ساتھ بات چیت کی یونین کی طرف سے جنرل سیکرٹری راجہ خلیل الرحمن نے بھی پولیسٹر ایمپلائز کی جانب سے وائس پریذیڈنٹ کو بزنس کی بہتری کیلئے ورکرز کے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ اس میٹنگ میں یہ عہد کیا گیا کہ

یونین اور منیجمنٹ مل کر درپیش چیلنجز سے نبرد آزما ہوں گے اور باہمی تعاون کا یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔







نئے وائس پریذیڈنٹ پولیئسٹر بزنس

## نعمان شاہد افضل



گزشتہ دنوں پولیئسٹر بزنس کے نئے وائس پریذیڈنٹ نعمان شاہد افضل نے اپنے عہدے کا چارج سنبھالا۔ ہم ان کو کمپنی میں خوش آمدید کہتے ہیں۔

نعمان افضل نے الیکٹریکل انجینئرنگ میں یونیورسٹی کیلیفورنیا، لاس اینجلس، امریکہ سے ماسٹر کیا ہوا ہے جبکہ امپریئل کالج سائنس اینڈ ٹیکنالوجی لندن سے بیچلر کی ڈگری حاصل کی ہے۔

قابل ذکر بات یہ ہے کہ نعمان افضل نے 25 سال قبل انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ میں بطور مینجمنٹ ٹرینی اپنی عملی زندگی کا آغاز کیا اور 25 سال بعد مختلف مایہ ناز اداروں میں کام کرنے کے بعد دوبارہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ میں بطور بزنس سربراہ جوائن کیا ہے۔ اس موقع پر آصف جمعہ، چیف ایگزیکٹو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے اپنے اعلامیہ میں کہا کہ نعمان افضل کا کمرشل اور مینوفیکچرنگ اداروں میں کام کرنے کا تجربہ ہمارے لئے نہایت اہمیت کا حامل ہے اور امید ہے کہ وہ اس کی بدولت بزنس اور کمپنی کو نئی بلندیوں کی جانب لے جائیں گے۔





# تقریبِ تقسیمِ احرام

پولیسٹر بزنس میں سال 2019 کی حج قرعہ اندازی میں کامیاب ہونے والے خوش نصیب حجاجِ کرام میں احرام تقسیم کرنے کے لئے تقریب کا انعقاد ورکس کینٹین ہال میں کیا گیا۔ اس تقریب کے مہمانِ خصوصی احسن عبدالقیوم ورکس منیجر پولیسٹر بزنس تھے۔

تقریب کا آغاز تلاوتِ قرآنِ کریم سے ہوا۔ اس کے بعد نعتِ رسولِ بہت ہی خوش الحانی کے ساتھ پڑھی گئی اور حجاجِ کرام میں احرام تقسیم کئے گئے۔ اس تقریب میں پولیسٹر بزنس کے یونین عہدیداران اور ورکرز نے بھرپور شرکت کی۔ آخر پر تمام ورکرز کی ریفریشمنٹ سے تواضع کی گئی۔





# ورلڈ واٹر ڈے

سالانہ 20 ملین لیٹرز فریش واٹر کا تحفظ، ایک سال میں 2 لاکھ افراد کیلئے پانی کی فراہمی

بین الاقوامی عالمی پانی کا دن پہلی مرتبہ 1993 میں منایا گیا اس عالمی پانی کے دن کا مقصد میٹھے پانی کی اہمیت پر اور میٹھا / تازہ پانی کے وسائل کے لئے مضبوط پائیدار نظام پر توجہ مرکوز کرنا ہوتا ہے یہ دن ہر سال 22 مارچ کو منایا جاتا ہے۔

پانی قدرت کا عطا کیا انمول تحفہ ہے جس کے بغیر کوئی جاندار زندہ نہیں رہ سکتا۔ انسانی ضروریات کے بڑھنے کی وجہ سے ہر آنے والے دن کے ساتھ پانی کے وسائل میں عالمی سطح پر کمی واقع ہوتی جا رہی ہے اور بعض ایسے مقامات بھی ہیں جہاں پینے تک کو صاف پانی میسر نہیں۔ پانی کے عالمی دن کے مقصد کو سمجھتے ہوئے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیئسٹر ہر طرح کے نئے طریقوں کو اپنا رہی ہے جو ہمارے پانی کے وسائل کیلئے فائدہ مند ہو جس میں انڈسٹری میں فریش واٹر کا استعمال کم سے کم ہو اور پانی کے وسائل کو اگلی نسلوں کے لئے بھی محفوظ رکھا جا سکے۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے پانی کی اہمیت اور سال 2019 کے موضوع کو سمجھتے ہوئے کہ پانی کی فراہمی ہر جگہ اور ہر ایک کو ممکن کی جائے یہ دن منایا۔ انڈسٹری کی سطح پر فریش واٹر کا استعمال کم کر دیا ہے جس میں پودوں کی روزمرہ کی بنیاد پر دیا جانے والا پانی فریش واٹر کی جگہ کروڑوں کی مالیت کا لگایا ہوا گندے پانی کو صاف کرنے والے پلانٹ کا استعمال ہے یہ پلانٹ گندے پانی کو صاف کر کے سڑکوں پر چھڑکاؤ کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے بجائے اسکے فریش واٹر استعمال ہو۔ اس پلانٹ کے نتیجے میں 20M لیٹرز فریش واٹر بچایا جاتا ہے جو کہ ہر سال 20000 افراد کیلئے پینے کو کافی ہوتا ہے۔

اسی طرح (CP) پولیئسٹر پلانٹ پر جدید سسٹم لگایا گیا ہے جو ایتھالین گلائی کول وانپر سسٹم (Ethylene - glycal-vapoor-system) کہلاتا ہے جس کی مدد سے m3-hour 2.5- پانی کے استعمال کو کم کیا گیا ہے۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیئسٹر بزنس فریش واٹر کو کم سے کم استعمال کرنے کے طریقوں پر عمل پیرا ہے جس سے اس علاقے میں بسنے والوں کو فریش واٹر کی کمی کا سامنا نہ ہو اور پانی انکے استعمال کے لئے موجود رہو۔











میرا صفحہ

# سیف اللہ ورکس نمبر 20444



میرا نام سیف اللہ ہے۔ میرا تعلق ضلع اٹک تحصیل بھنڈ کے گاؤں چھپ سے ہے۔ میری ایجوکیشن ڈی اے ای کیمیکل ہے۔ میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، سوڈا ایش پلانٹ پر بطور پلانٹ آپریٹر ستمبر 2017 سے ڈیوٹی سر انجام دے رہا ہوں۔ میرے خیال میں تو آئی سی آئی سوڈا ایش ایک کیمیکل ادارے کے علاوہ ایک فلاحی ادارہ بھی ہے۔ کیونکہ یہ کمپنی اپنے ورکروں کے ساتھ ساتھ یہاں کی لوکل کمیونٹی کا بھی بہت زیادہ خیال رکھتی ہے۔ جیسا کہ آئی کیمپ، پینے کا پانی، اور شجر کاری وغیرہ۔ ایسے ادارے پاکستان میں بہت کم ہیں جب ایسے ادارے ہوں تو ہر کسی کا دل کرتا ہے کہ وہ محنت اور ایمانداری کے ساتھ کام کرے تا کہ ادارہ ترقی کی راہ پر گامزن رہے اور اس کے ساتھ منسلک تمام لوگ خوشحال ہوں۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش میں کام کرنے کا ماحول بہت اچھا ہے تمام لوگ ایک دوسرے کو سپورٹ کرتے ہیں۔ میری دعا ہے کہ اللہ اس ادارے کا حامی وناصر ہو۔ آمین

آئی سی آئی زندہ باد۔ پاکستان پائندہ باد

# وقاص اکرم ورکس نمبر 20451



میرا نام وقاص اکرم ہے میرا تعلق ضلع جہلم تحصیل پنڈ دادن کھیوڑہ سے ہے اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کھیوڑہ میں میرے دادا ابو اور دو تایا ابو جن کی سروس یہاں سے ہی شروع ہوئی تھی اور بہت اچھے طریقے سے ریٹائرمنٹ بھی ہوئی ہے کام کر چکے ہیں۔

میری ایجوکیشن بی ایس کیمیکل ہے اور میں بطور پلانٹ اوپریٹر اچھے طریقے سے سر انجام دے رہا ہوں میں اور میری فیملی اس سروس پر بہت خوش ہیں۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی خاص بات یہ ہے کہ کمپنی ہر قسم کی ایمرجنسی جس طرح کی بھی ہو اُس پر ہمہ وقت تیار رہتی ہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے آئی سی آئی کی انتظامیہ پر تمام ورکر خوش ہیں اور سب ورکر اپنی ڈیوٹی احسن طریقہ سے سر انجام دے رہے ہیں۔ کھیوڑہ کی لوکل باڈی بھی ان کیلئے ہمیشہ دعا گو ہے کیونکہ انہوں نے پانی کے کافی کنکشن دے رکھے ہیں اللہ تعالیٰ ادارے کو مزید ترقی عطا فرمائے۔

# غلطیوں کو درگزر

انتخاب: شمروز خان۔ ہیڈ آفس

ابو الکلام اپنے بچپن کا واقعہ بیان کرتے ہیں کہ ان کی والدہ ملازمت بھی کرتی تھیں اور گھر کا کام کاج بھی وہی کرتی تھیں۔ ایک رات کھانے کے وقت انہوں نے سالن اور جلی ہوئی روٹی میرے والد کے آگے رکھی میں والد کے رد عمل کا انتظار کرتا رہا کہ شاید وہ غصہ کے اظہار کریں مگر انہوں نے انتہائی سکون سے کھانا کھایا اور پھر مجھ سے دریافت کیا کہ آج اسکول میں میرا دن کیسا گزرا۔ مجھے یاد نہیں کہ میں نے کیا جواب دیا لیکن اسی اثناء میں میری والدہ نے روٹی جل جانے کی معذرت کی مگر میرے والد نے کہا کہ ان کو یہ روٹی کھا کر لطف آیا۔ اسی رات اپنے والد کو شب بخیر کہنے میں ان کے کمرے میں گیا تو ان سے سوال کیا کہ کیا واقع انھیں جلی روٹی کھا کر لطف آیا؟ انہوں نے پیار سے مجھے اپنے بازؤں میں بھر لیا اور جواب دیا کہ تمہاری والدہ نے ایک پر مشقت دن گزارا اور پھر تھکنے کے باوجود گھر آکر ہمارے لئے کھانا بھی تیار کیا۔ ایک جلی ہوئی روٹی کچھ نقصان نہیں پہنچاتی مگر تلخ رد عمل اور بد زبانی جذبات کو مجروح کرتی ہے۔

میرے بچے! زندگی بے شمار ناپسندیدہ اشیاء اور شخصیات سے بھری ہوئی ہے۔ میں بھی کوئی بہترین یا مکمل انسان نہیں ہوں اور یہ سمجھتا ہوں کے ہمارے ارد گرد لوگ اور عزیز و اقربا بھی غلطی کر سکتے ہیں۔ لہذا ایک دوسرے کی غلطیوں کو درگزر، رشتوں کو بخوبی نبھانا اعلیٰ ظرفی کا مظاہرہ کرنا ہی تعلقات میں بہتری کا سبب بنتا ہے۔ زندگی اتنی مختصر ہے کہ اس میں معذرت اور پچھتاؤں کی کوئی گنجائش نہیں ہونی چاہئے۔

# روزہ نہیں ٹوٹتا

علی گڑھ کے معروف شاعر شمیم بستوی رمضان کے مہینے میں بازار سے لوٹ رہے تھے، ہاتھ میں تھیلی تھی۔ تھیلی میں کوئی سامان تھا۔ راستے میں ایک پہچان والے نے پوچھا:

مولانا کیا لے کر جا رہے ہیں؟


انہوں نے کہا:

ایسی چیز جس سے روزہ نہیں ٹاٹتا۔۔۔۔!

ان صاحب نے کہا:

ایسی چیزوں کا علم مولانا لوگ اپنے پاس چھپا کر رکھتے ہیں اور ہمیں بتایا جاتا ہے کچھ بھی کھاؤ، روزہ ٹوٹ جائے گا۔ آخر ہمیں بھی تو خبر ہو، کیا ہے تھیلی میں؟

شاعر صاحب نے تھیلی کھول کر دکھائی۔ اس میں جوتے رکھے تھے۔



# سرن پلانٹ پر Sterile ایریا کا پروجیکٹ




'معیار' اور 'اس کی پابندی' ایک وسیع معنی رکھتے ہیں جو ان تمام پہلوؤں کا احاطہ کرتے ہیں جو اجتماعی یا انفرادی طور پر پروڈکٹ کے معیار پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ فارماسیوٹیکل مینوفیکچرنگ کا شمار ایسی صنعتی سرگرمیوں میں ہوتا ہے جو نہایت توجہ کے ساتھ انجام دی جاتی ہیں۔ معیار کے حصول، اس کے جائزے اور فارماسیوٹیکل مینوفیکچرنگ آپریشنز کے معائنہ کیلئے صنعتی اور وفاقی ذرائع کا بھرپور استعمال ہوتا ہے۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ میں معیار کی پابندی اس کے کاروبار کا بنیادی نکتہ ہے تاکہ ہم اپنے اصل صارف کی ضروریات تحفظ، معیار، خصوصیت، قوت، بھروسہ اور پائیداری کی ضروریات کو یقینی طور پر پورا کر سکیں یہ ہماری ذمہ داری اور فارماسیوٹیکل کے شعبہ کیلئے نقطۂ کمال ہے۔



اپنی پروڈکٹ کی تیاری میں خام مال سے لے کر تیار پروڈکٹ تک، ہر مرحلے پر معیار کو بہترین رکھنے کیلئے اپنی بھرپور کوششوں کو جاری رکھتے ہوئے سرن فارماسیوٹیکلز نے کامیابی کے ساتھ " Sterile پروڈکشن ایریا اپ گریڈیشن پروجیکٹ" مکمل کرلیا ہے جس کا آغاز اپریل-جون 2019 میں ہوا تھا جس میں معیار کے بہترین طریقۂ کار کو یقینی بنانے کیلئے انجکشن کے ذریعہ استعمال ہونے والی پروڈکٹس کے دھونے، جراثیم سے پاک رکھنے، بھرنے اور سربمہر کرنے کے عمل کو جدید ترین بنایا گیاہے۔ پروجیکٹ کے اسکوپ میں دھونے اور جراثیم سے پاک کرنے کے سامان کو تبدیل کرنا، یوٹیلیٹیز کو اپ گریڈ کرنا اور بہتر GMP اور معیار کی پابندی کیلئے لے آؤٹ کو بہتر کرنا شامل تھا۔ اس حقیقت کے باوجود کہ اس پروجیکٹ کا کام رمضان اور عید کی چھٹیوں کے نہایت اہم وقت کے دوران میں انجام دیا گیا، لیکن ٹیم نے پوری لگن کے ساتھ ٹیم ورک، باہمی تعاون اور سخت محنت سے پروجیکٹ کو مقررہ وقت کے اندر مکمل کرنے کا ہدف حاصل کرلیا۔ وائس پریذیڈنٹ فارماسیوٹیکلز بزنس، عامر ملک نے جنرل منیجر سپلائی چین، ڈاکٹر محمد اسلم چوہدری کے ہمراہ اس جدید ایریا کا ایک سادہ سی تقریب میں افتتاح کیا۔ انھوں نے اس موقع پر ٹیم کی لگن اور ٹیم ورک کی تعریف کی اور کہا کہ ہم سب مل کر ہی بزنس کو بلندیوں کی جانب لے جا سکتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ آپ سب نے پروڈکٹ کی تیاری کے مراحل میں ہر سطح پر دوا کے بہترین معیار کو یقینی بنانے کیلئے ضابطے اور صنعت، دونوں سسٹمز کو ایک نیا روپ دیا۔



لائف سائنسز

# عطاء الرحمن سکول آف اپلائیڈ بائیو سائینسز نسٹ اوپن ہاؤس

رپورٹ: منصور عثمان خان (لرننگ اینڈ ڈویلپمنٹ)

**یادِ ماضی بھینی بھینی، حال کا چہرہ دھندلا دھندلا**
**مستقبل کی راہ اندھیری، ساتھی کچھ انجانے لوگ**

کسی بھی تعلیمی ادارے کے تازہ تازہ فارغ التحصیل ہونے والے طلباء مختلف طرح کے خدشات کا شکار رہتے ہیں اور مناسب راہنمائی کا فقدان ہمیشہ سے اس ضمن میں ایک بنیادی جزو رہا ہے۔ ترقی یافتہ ممالک کی طرح اب پاکستان میں بھی تعلیمی اداروں اور صنعتی اداروں کے درمیان تعلقات کی ضرورت پر بہت زیادہ بات ہونا شروع ہوگئی ہے جو ماضی کو دیکھتے ہوئے ایک بالکل منفرد بات لگتی ہے۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اس سلسلے میں اپنی گراں قدر کوششوں سے صنعتی اور تعلیمی اداروں کے مابین پائے جانے والے تعلقات کو اپنے مختلف طرح کے پروگرامز کے ذریعے مضبوط سے مضبوط تر کئے جارہی ہے جس میں "گریجویٹ ریکروٹس" نام کا پروگرام سرفہرست ہے۔ آج کے جدید تقاضوں کو دیکھتے ہوئے اس تعلق کی افادیت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ جاتی ہے جب بات ادارے کی ضرورت سے زیادہ سماجی ذمہ داری کے حوالے سے کی جانے لگے۔ اسی تصور کو مدنظر رکھتے ہوئے 30 اپریل 2019 کو پاکستان کے معروف تعلیمی ادارے نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے ذیلی ادارے عطاء الرحمن سکول آف اپلائیڈ بائیو سائینسز (ASAB-NUST) کے زیر اہتمام ایک اوپن ہاؤس ڈے کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں دیگر پروفیشنل لوگوں کے ساتھ ساتھ راقم بھی مدعو کیا گیا۔

دیگر مدعوئین میں ورلڈ وائلڈ لائف فاؤنڈیشن، اقوام متحدہ کے ذیلی اداروں، این جی اوز، کیمیکلز کی پیداوار اور کاروبار سے منسلک ادارے، صحت عامہ اور ادویہ سازی سے منسلک لوگ بھی شامل تھے۔ اس تقریب کی خاص اور اہم بات ادارے سے فارغ التحصیل طلبہ اور طالبات کے فائنل پراجیکٹ کی نمائش بھی تھی۔ اس سلسلے میں قابل اساتذہ پر مشتمل ایک جیوری تشکیل دی گئی جس نے بہترین پروجیکٹس کا انتخاب کرنا تھا۔



مدعوئین میں سے چند منتخب لوگوں کو حاضرین سے خطاب اور گفت وشنید کا موقع بھی ملا جن میں اس ناچیز کو بھی مدعو کیا گیا اور مجھے حاضرین سے موضوع کے حوالے سے گفتگو کرنے اور حاضرین کے مختلف سوالات کے جواب دینے کا موقع ملا۔ مقاصد کے حصول کے اعتبار سے یہ ایک اہم تقریب تھی جس کے دور س نتائج مرتب ہونے کے امکانات پیدا ہو سکتے ہیں۔




ممتاز ملکی کاروباری اداروں اور نسٹ جیسے ممتاز تعلیمی اداروں کی فیکلٹی اور طلباء کے اس طرح کے دوطرفہ رابطوں کی ضرورت آج پہلے سے کہیں زیادہ محسوس کی جارہی ہے ملکی ترقی اور تعمیر کیلئے اور ایک بہترین پیداواری صلاحیت کی حامل ٹیم کو مرتب کرنے کے لئے۔ اس طرح کی تقریبات سے نئے فارغ ہونے والے طلبہ کو میدان عمل میں قدم رکھنے سے پہلے ایک بہترین قسم کی رہنمائی حاصل ہوتی ہے جو ان کی پیشہ ورانہ زندگی میں ہمیشہ ان کے کام آتی رہتی ہے مقاصد کے حصول کیلئے۔ ضرورت اس امر کی ہے ہر سطح پر اس طرح کی تقریبات کا اہتمام کیا جائے اور اس رابطے کو مزید بڑھا کر کارآمد کیا جائے۔



# فائیر فائیٹنگ اور ابتدائی طبی امداد

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس ہمیشہ کی طرح اپنے ملازمین کی بہتری کے لئے کوشاں رہتی ہے۔ اپنے ملازمین کی سیفٹی اور اُن کو کام کے حوالے سے محفوظ ماحول دینے کے لئے اُن کی ٹریننگ کا انعقاد کرتی رہتی ہے۔ اسی طرح سیفٹی ڈیپارٹمنٹ نے بھی اس چیز کو برقرار رکھتے ہوئے ہیلتھ سیفٹی منیجر رانا محمد عدیل جمشید نے اپنے ریسکیو اور فائیر فائٹنگ سٹاف کی ٹریننگ کے لئے گورنمنٹ کے ادارے سول ڈیفنس کو مدعو کیا۔ تاکہ ایک اعلی معیار کی ٹریننگ کا انعقاد کیا جاسکے اور اپنے سٹاف کی قابلیت میں اضافہ کیا جاسکے۔ اس ٹریننگ کا انعقاد آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس نے 25 جون سے لے کر 27 جون 2019 تک ٹریننگ سنٹر میں کیا۔ جس کا دورانیہ روزانہ کی بنیادوں پر صبح 9 بجے سے لے کر دوپہر 2 بجے تک تھا۔ جس میں سول ڈیفنس کی ٹیم کی طرف سے محمد رئیس نے تینوں دن بڑی محنت کے ساتھ فائر فائٹرز کو فائر فائیٹننگ، فرسٹ ایڈ اور ریسکیو کرنے کی ٹریننگ دی۔













سول ڈیفنس ایک قومی ادارہ ہے جو زمانہ امن میں لوگوں کو اس بات کی تربیت دیتا ہے کہ کسی بھی حادثے کے پیشِ نظر کیسے لوگوں کی جان بچائی جاسکتی ہے۔ اور کیسے ہم ایک دوسرے کو محفوظ بنا سکتے ہیں۔ اس ٹریننگ میں تقریباً 45 کے قریب لوگوں نے شرکت کی۔ اور بڑی توجہ کے ساتھ اس ٹریننگ سیشن کو سیکھا۔ اس ٹریننگ میں سیفٹی منیجر رانا محمد عدیل جمشید کے علاوہ تمام سیفٹی ڈیپارٹمنٹ کے آفیسرز نے بھی شرکت کی۔ اس ٹریننگ سیشن میں انسٹرکٹر محمد رئیس نے بڑے احسن انداز میں تمام پہلوؤں پر گفتگو کی اور بتایا کہ ہم کس طرح کسی بھی قسم کے زخمی افراد کو کس طرح کی فرسٹ ایڈ کر سکتے ہیں۔ اور کس طرح اس کو ریسکیو کر سکتے ہیں۔ اس میں ہر قسم کے فریکچر کے بارے میں اور سانپ کے کاٹنے پر جو اقدامات کئے جاتے ہیں تمام کے بارے میں بڑے آسان اور خوبصورت الفاظ میں بیان کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ ابتدائی طبی امداد کے طریقوں میں موجودہ دور کے لحاظ سے جو تبدیلیاں آئی ہیں انھوں نے اس کے بارے میں بھی شرکاء کو آگاہ کیا۔ اس ٹریننگ کے تیسرے اور آخری روز تمام ٹریننگ کے بارے میں ایک عملی ٹریننگ کروئی گئی اور بتایا گیا کہ کیسے ہم کسی بھی قسم کے مریض کو ایک جگہ سے دوسری جگہ شفٹ کر سکتے ہیں۔ اور اس کے علاوہ فائر فائیٹنگ سٹاف کے ساتھ بھی ایک عملی ڈرل کروائی گئی اور دیکھا گیا کہ اس ضمن میں کون سی ایسی چیزیں ہیں جن کو ہم استعمال کر کے بہتر بنا سکتے ہیں۔

ٹریننگ کے آخری روز سول ڈیفنس کے اعلی افسران نے بھی شرکت کی اور تمام ٹریننگ کو جانچنے کے لئے ایک تحریری ٹیسٹ بھی لیا گیا اور تمام قابل اور کامیاب فائر فائٹرز میں اسناد پیش کیں۔ اس موقع پر سول ڈیفنس کے اعلی افسران کے علاوہ بم ڈسپوزل ٹیم کے اعلی افسران نے بھی شرکت کی اور تمام ٹریننگ کو خوب سراہا۔ اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش کی کمیونٹی میں پیش خدمات کو بخوبی سراہا۔ اس موقع پر سیفٹی منیجر رانا محمد عدیل جمشید نے تمام مہمانانِ گرامی کا شکریہ ادا کیا۔ اور اس ٹریننگ کو بہت سراہا۔





# افطار ڈنر برائے خواص















آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ اپنی لوکل کمیونٹی کے ساتھ تعلق کو بہت زیادہ اہمیت دیتی ہے اور اس تعلق کو مضبوط سے مضبوط تر کرنے کا عمل ہر لمحہ جاری وساری رہتا ہے اسی سلسلے کی ایک کڑی رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں ہر سال ایک شاندار افطار ڈنر کا انعقاد ہے یہ بہت ہی پر وقار تقریب ہوتی ہے جو علاقہ بھر کے لوگوں کو ایک دوسرے سے ملنے کا بہترین موقع فراہم کرتی ہے۔ کمپنی انتظامیہ کے اعلیٰ افسران بھی اس موقع پر لوکل کمیونٹی سے تشریف لائے ہوئے مہمانوں سے گھل مل جاتے ہیں اور شعبہ حیات کے ہر موضوع پر گفت وشنید ہوتی ہے۔

اس سال بھی 14 رمضان المبارک بتاریخ 20 مئی 2019، بروز سوموار، ایڈمن ہال کے سامنے وسیع و عریض اور سر سبز وشاداب سبزہ زار میں افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا۔ سلیم اے صدیقی IR منیجر، ذیشان احمد لوکل کمیونٹی منیجر، چوہدری برکات حسین اور رضوان سعید IR آفیسر نے تمام مہمانوں کا گرم جوشی سے استقبال کیا۔ میونسپل کمیٹی کھیوڑہ سے ملک فیصل عباس چیئرمین، ملک شوکت وائس چیئرمین اور تمام جنرل کونسلرز، انجمن تاجران کھیوڑہ کے نمائندوں نے شرکت کی۔

علاقے میں بزنس کرنے والے دیگر ادارے PMDC، غریبوال سیمنٹ، ڈنڈوٹ سیمنٹ، DG سیمنٹ پنجاب منرلز ڈویلپمنٹ کی انتظامیہ اور ان اداروں سے ورکرز یونین کے آفیشلز بھی تشریف لائے۔

لوکل کمیونٹی سے تعلق رکھنے والی صحافیوں کی کثیر تعداد بھی شریک ہوئی مختلف سیاسی پارٹیوں سے تعلق رکھنے والے کارکنان اور سوشل ورکرز بھی جوق در جوق تشریف لائے۔ علاوہ ازیں سالٹ رینج ایریا میں کام کرنے والے مائن اونرز، کمپنی کو سروسز مہیا کرنے والے ٹھیکیدار، ٹرانسپورٹرز، نیشنل بینک، حبیب بینک، یونائیٹڈ بینک، مسلم کمرشل بینک کے آفیسرز، پنڈدادن خان بار کونسل کے صدر، جنرل سیکریٹری و دیگر وکلا اور لوکل کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے کاروباری حضرات کی پرجوش شرکت قابل صد ستائش ہے۔

محمد عمر مشتاق ورکس منیجر سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ، عاقل کریم ہیومن ریسورس منیجر، صابر محمود پروڈکشن منیجر اور عدیل مرزا انجینئرنگ منیجر تمام مہمانوں میں گھل مل گئے۔ مہمانوں سے باقاعدہ گلے ملے۔ تمام مہمانوں سے فرداً فرداً حال و احوال دریافت کیا اور ان سے متعلقہ شعبہ جات کے حوالے سے گپ شپ کی۔

جونہی افطاری کا سائرن بجا تمام مہمانوں نے بڑے ہی پر وقار انداز میں اپنا روزہ افطار کیا۔ وہیں لان میں ہماری ایڈمن ٹیم نے نماز کے لئے بہت ہی اچھا انتظام کیا ہوا تھا۔ تمام مہمانوں نے نماز مغرب باجماعت ادا کی۔









نماز کی ادائیگی کے بعد تمام مہمانوں نے بڑے سکون سے کھانا تناول کیا، کھانے کے ساتھ تمام مہمان اپنی اپنی دلچسپی کے حوالے سے گپ شپ کرتے رہے۔

محمد عمر مشتاق ورکس منیجر سوڈا ایش بزنس نے تمام مہمانوں کا ان کی تشریف آوری پر شکریہ ادا کیا۔ آپ نے اتنے اچھے انتظامات کرنے پر پوری ایڈمن ٹیم کو شاباشی دی اور اس شاندار تقریب کے انعقاد پر اطمینان کا اظہار کیا۔

اس طرح یہ یادگار تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔











# الکلی اسپورٹس کلب کی افطار پارٹی

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ میں الکلی اسپورٹس کلب، سوڈا ایش ایمپلائیز کے لئے صحت مند سرگرمیوں کے حوالے سے ہر وقت مصروف عمل ہے۔ الکلی کلب کا ہاکی گراؤنڈ لائبریری، جم اور ان ڈور گیمز روم ایمپلائیز کی پسندیدہ ترین اور مصروف ترین جگہیں ہیں۔ الکلی کلب ایک منتخب کمیٹی کے زیر اہتمام چلتا ہے۔

الکلی اسپورٹس کلب کمیٹی اپنے ممبران کے لئے ہر سال ایک شاندار افطار ڈنر کا انتظام کرتی ہے جس میں تمام منیجرز، ایمپلائیز اور اپرنٹز شرکت کرتے ہیں۔

اس سال 22 رمضان المبارک بتاریخ 28 مئی 2019 بروز منگل اس افطار ڈنر کا اہتمام الکلی اسپورٹس کلب کے وسیع سبزہ زار میں کیا گیا۔ محمد عمر مشتاق ورکس منیجر سوڈا ایش بزنس بذات خود بھی تشریف لائے اور تمام منیجرز، ایمپلائیز اور اپرنٹز کے ساتھ گھل مل گئے۔

تمام ایمپلائیز نے افطاری کی اور وہیں لان میں نماز مغرب ادا کی۔ نماز کے بعد سب نے سکون سے ڈنر کیا۔ تقریب میں موجود ہر شخص کمیٹی کے انتظام کی تعریف کر رہا تھا۔ اس طرح یہ شاندار تقریب اپنے اختتام کر پہنچی۔






















# قرعہ اندازی برائے موٹر سائیکل لون برائے 2019

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ میں موٹر سائیکل لون برائے 2019 کی سالانہ قرعہ اندازی 11 جون 2019 کو انعقاد پزیر ہوئی۔ قرعہ اندازی کی پر وقار تقریب 4 بجے سہہ پہر مامین ایڈمن ہال میں ہوئی۔ اس موقع پر محمد عمر مشتاق ورکس منیجر سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ مہمان خصوصی تھے۔ تمام ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹس، سی بی اے آفیشلز اور ورکرز کی بڑی تعداد موقع پر موجود تھی۔

قرعہ اندازی کے نتیجے میں درج ذیل 34 خوش نصیب ایمپلائیز کے موٹر سائیکل لون کے لئے نام سامنے آئے۔ 17 ایمپلائیز رہائشی کالونی میں رہتے ہیں اور دیگر 17 ایمپلائیز غیر رہائشی یعنی وہ کمپنی کالونی سے باہر رہتے ہیں۔

قرعہ اندازی میں اپنا نام نکل آنے پر تمام خوش نصیب ایمپلائیز میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ تمام ایمپلائیز کمپنی کی دن دگنی رات چگنی ترقی کے لئے دعا گو ہیں۔









# سیفٹی ویک۔ کھیوڑہ



آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ کا عزم اور مقصد ہے۔ سوڈا ایش سائٹ میں جو لوگ کام کرتے ہیں خواہ وہ پلانٹ پر کام کرتے ہوں، آفس میں یا جس انداز میں بھی اپنی خدمات ادارے کو پیش کر رہے ہیں وہ جس طرح صبح محفوظ طریقے سے ڈیوٹی پر آتے ہیں ویسے ہی محفوظ طریقے سے شام کو وہ اپنے گھروں کو لوٹیں۔ اسی روایت اور مقصد کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے ہیلتھ سیفٹی اینڈ انوائرنمنٹ ڈیپارٹمنٹ پلانٹ پر لوگوں کی سیفٹی کے لئے مصروفِ عمل رہتی ہے۔ اور اس کو اُجاگر کرنے کے لئے سالانہ بنیادوں پر سیفٹی ویک کا انعقاد کیا جاتا ہے تا کہ لوگوں کے درمیان ہمہ وقت سیفٹی کے اصولوں کو زندہ رکھا جا سکے۔ اس روایت کو برقرار رکھتے ہوئے ہیلتھ سیفٹی ڈیپارٹمنٹ نے سیفٹی ویک کا انعقاد کیا جسکا آغاز 2 مئی سے ہوا اور 4 مئی تک جاری رہا۔ اس سیفٹی ویک کے دوران سیفٹی کے آلات کی نمائش کے ساتھ ساتھ فائر فائٹنگ کے آلات کی بھی نمائش کا اہتمام کیا گیا۔ اس کے علاوہ مختلف پروگرامز اور مقابلے رکھے گئے۔ تا کہ لوگ عملی طور پر اس ہفتہ سیفٹی کا حصہ بنیں۔









اس سیفٹی ویک کا آغاز 2 مئی 2019 کی صبح کو ہوا۔ سیفٹی مینیجر رانا محمد عدیل جمشید نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے سیفٹی ویک کے پروگرامز اور مقابلوں کے بارے میں تفصیل سے بتایا اس کے بعد اپنے خیالات کے اظہار کرنے کے لئے ورکس مینیجر محمد عمر مشتاق کو مدعو کیا گیا جنہوں نے ہیلتھ سیفٹی ڈیپارٹمنٹ کا شکریہ ادا کیا۔ اور اُن کی اس کاوش کو خوب سراہا۔



اس سیفٹی ویک کے پہلے دن سیفٹی اور فائر فائٹنگ کے آلات کی نمائش رکھی گئی جو دو دن تک جاری رہی۔ جس میں لوگوں نے بڑی دلچسپی کا مظاہرہ کیا۔ اس نمائش میں منفرد بات یہ تھی کہ اس سال کی نمائش میں ٹیکنالوجی کا استعمال کیا گیا۔ LED سکرین نصب کر کے اُن پر غیر محفوظ عمل اور غیر محفوظ رویوں کے متعلق ویڈیوز چلائی گئی اور مختلف PPEs کو LED کی روشنیوں میں بڑے خوبصورت انداز میں پیش کیا گیا جو لوگوں کی دلچسپی کا مرکز رہیں۔ اس سیفٹی ویک میں تمام ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ نے نہ صرف بڑھ چڑھ کر شرکت کی بلکہ تمام مقابلوں میں عملی طور پر حصہ بھی لیا۔








سیفٹی ویک کے پہلے دن سیفٹی واک کا انعقاد کیا گیا جو ٹائم آفس سے شروع ہو کر ٹریننگ سنٹر پر اختتام پزیر ہوئی اس واک کی باقاعدہ ڈرون کیمرہ سے کوریج کی گئی اور پلانٹ کے مختلف حصوں کے خطرات اور انکے کنٹرول کے بارے میں HOD نے تفصیل سے بتایا۔ اس واک کی ایک منفرد بات جو دیکھنے میں آئی کہ مستقل ورکرز اور مینجرز کے علاوہ کنٹریکٹرز، عارضی ملازمین کو بھی اس واک میں شمولیت کا موقع دیا گیا اور انھوں نے بھی اس واک میں اپنا اظہار خیال کیا۔ اس سیفٹی








واک کے اختتام پر واک کے شرکاء سے مختلف سوالات کیے گئے اور درست جوابات پر انعامات دیئے گئے۔

اس سیفٹی واک کے بعد SafeDrivingCompitition کا انعقاد الکلی سپورٹس کلب سوڈا ایش بزنس میں کیا گیا۔ جس میں 25 شرکاء نے حصہ لیا اور اس مقابلے کے لیے موٹروے پولیس اسلام آباد کے ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی خدمات لی گئیں۔ موٹروے پولیس سے آئے ہوئے ٹرینرز نے شرکاء کے لئے گراونڈ میں ایک پریٹیکل ٹسیٹ ترتیب دیا جس میں سے ہر ڈرائیور کو اپنی گاڑی کو forwrad اور Revers کرنا تھا۔ اس مقابلے میں شرکاء نے موٹروے پولیس سے آئے ہوئے مہمانوں سے بہت کچھ سیکھا اور اس مقابے کو سراہا۔ آخر میں مقابے میں جیتنے والے اول، دوئم، سوئیم آنے والے ڈرائیور کے نام موٹروے پولیس نے بتائے۔ سیفٹی مینجر رانا عدیل نے موٹروے ٹیم کا شکریہ ادا کیا کہ انھوں نے سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ میں آکر شرکاء کو ڈرائیونگ کی عملی تربیت دی اور شاندار مقابلہ کروایا۔

**ڈے 2 سیفٹی ویک:**

دوسرے دن کا آغاز سیفٹی مینجر رانا عدیل جمشید نے BEST
























سیفٹی سلوگن اور سیفٹی پلج سے کیا جن کو پلانٹ پر پینا فلیکس کی صورت میں عیاں کیا گیا۔ اس ایونٹ میں تمام HOD مینجرز، آفیسرز، ورکر، مستقل ملازمین، پراجکیٹ سٹاف نے شرکت کی۔ سلوگن اور پلج جیتنے والے شرکاء کو بلایا گیا اور انھوں نے اس سوگن، پلج پر اظہار خیال کیا اور پھر تمام شامل ہونے والے شرکاء سے عہد لیا گیا۔ سیفٹی مینجر رانا عدیل نے لوگوں سے خود تمام سلوگن اور پلج پر نعرے لگوائے اور اس بات کا عہد لیا اور دستخط لیے کہ ہم پورا سال ان باتوں پر عمل کریں گے۔ اسکے بعد ٹریننگ سنٹر میں ہیلتھ ایورینس کی ایک تربیتی ورکشاپ کروائی گئی جس میں ڈاکٹر راشد خان نے تمام شرکاء کو ذیابیطس کے موضوع پر لیکچر دیا۔

دوسرے دن کا اہم مقابلہ جو کہ سیفٹی ویک کی رونق رہتا ہے وہ تھا فائر فائیٹینگ اور فرسٹ ایڈ کا عملی مظاہرہ جسکو دیکھنے کے لیے لوگوں کی کثیر تعداد ہر سال کی طرح اس سال بھی موجود رہی۔ اس عملی مظاہرہ میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش کے مینجرز، آفیسرز، ورکرز کے علاوہ لوکل کمیونٹی سے آئے ہوئے 1122 پنڈ داد نخان کے آفیسرز نے بھی شرکت کی۔ اس عملی مظاہرے کی بھی کوریج ڈرون سے کی گئی۔

اس عملی مظاہرے کے بعد سیفٹی مینجر رانا عدیل جمشید اور پاور سروسز مینجر سعید انور نے فائیر فائیٹرز کے اس عملی مظاہرے کو اور کمیونٹی میں انکی خدمات کو خوب سراہا اور انھیں خراج تحسین پیش کیا اور ساتھ ہی ساتھ 1122 سے آئے ہوئے مہمانوں نے بھی سوڈا ایش کے اس عملی مظاہرے کو سراہا اور فائر فائیٹرز کی شاباش دے کر انکی حوصلہ افزائی کی۔



## سیفٹی ویک ڈے 3

سیفٹی ویک کے تیسرے دن بھی کچھ مقابلہ جات جن میں سہر فہرست سکیفولڈنگ کی تنصیب ہے کا انعقاد کیا گیا جو کہ انڈسٹری میں بہت ساری جگھوں پر ضرورت کے تحت نصب کی جاتی ہے، کسی بھی اونچی جگہ پر کام کرنے کے لیے جو سٹریکچر بنایا جاتا ہے اسے سکیفولڈنگ کہتے ہیں جس کو اگر محفوظ طریقے سے نہ بنایا جائے تو بہت بڑے حادثے کا موجب بن سکتی ہے۔ اس مقابلے میں ورکس اور پراجیکٹ کی دو، دو ٹیموں نے شرکت کی۔ اس مقابلے کی اختتام پر تمام ٹیموں کی حوصلہ افزائی سیفٹی مینجر رانا عدیل نے کی اور مقابلے میں جیتنے والی فرسٹ اور دوئم ٹیمز کو شاباش دی۔

سیفٹی ویک کے تیسرے اور آخری روز کے اختتام پر تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب کا آغاز سیفٹی مینجر رانا محمد عدیل ور اسکے بعد اس تقریب کے مہمان خصوصی ورکس مینجر محمد عمر مشتاق نے اپنی تقاریر سے کیا جس میں انھوں نے اس کامیاب سیفٹی ویک پر سب کو مبارک دی اور اس ایونٹ کو آرگنائز کرنے والوں کا شکریہ ادا کیا اور تمام شرکاء سے عہد لیا کہ



ہم اس سال کو بھی انجری فری سال کے طور پر منائیں گے۔ اس پروگرام میں تمام مقابلوں کی کامیاب ٹیموں کے درمیان انعامات تقسیم کیے گیے۔ اس کے علاوہ معززین علاقہ کو بھی اس تقریب میں مدعو کیا گیا تا کہ لوگوں کو بتایا جائے کہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس اپنی روایات کو بر قرار رکھتے ہوئے اپنے ملازمین کی سیفٹی اور حفاظت پر کتنی توجہ دیتی ہے۔ اس تقریب میں پلانٹ پر سیفٹی امپرومنٹ ٹیمز کے مقابلے میں سے کامیاب ٹیم SIT 1 تھی کو سالانہ کارکردگی کی بنیاد پر ٹرافی دی گئی۔ SIT 1 ٹیم کے تمام ممبران نے اس کامیابی کو روایتی انداز میں منایا۔ آخر میں سیفٹی مینجر رانا عدیل نے تمام شرکاء کا شکریہ ادکیا۔ اس سیفٹی ویک کو تمام سٹاف کو بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملا یوں یہ سیفٹی ویک اپنے اختتام کو پہنچا۔





# ایگری سائنسز سائیکل میٹنگ اور چیمپینز کی پذیرائی

رپورٹ: کاشف ریاض

اپنی ٹیمز کو آئندہ مزید اعلیٰ کارکردگی کیلئے متحرک اور پرجوش رکھنے کیلئے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں کی حوصلہ افزائی ضروری ہے۔ اس سلسلے میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں اور ٹیم ممبرز کو بہتر کارکردگی کی تربیت کیلئے ایگری سائنسز نے 17 اور 18 جون 2019 کو لاہور میں سائیکل میٹنگ کا انعقاد کیا۔




اس موقع پر پروڈکٹ منیجر ایگری سائنسز، کاشف ریاض نے HSE کی پریزنٹیشن دی اور بزنس منیجر ایگری سائنسز عبدالوہاب نے کاروبار کا جائزہ پیش کیا اور ٹیم کو کاروباری حکمت عملی سے آگاہ کیا۔ ان کی تقریر میں کاروبار کی موجودہ صورتحال، جھلکیاں، اتارچڑھاؤ، مواقع اور کاروبار کی توقعات سے متعلق گفتگو شامل تھی۔ اپنی تقریر کے بعد انہوں نے ٹیم ممبرز کی جانب سے کئے گئے سوالوں کے جواب دیئے۔ نشست کے آخر میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ اور ہدف حاصل کرنے والوں میں انعامات تقسیم کئے گئے۔




اس کے بعد ٹیم کو ان کے متعلقہ شعبہ کے پورٹ فولیو میں ٹریننگ کیلئے دوالگ الگ ہالز میں گروپس کی صورت میں تقسیم کر دیا گیا۔ ڈیولپمنٹ اور مارکیٹ ٹیمز نے متعلقہ ٹیمز کو ایگری ڈویژن کی مختلف پروڈکٹس کے بارے میں پریزنٹیشن دی۔

ایگروکیمیکل کے شعبہ سے جن پروڈکٹس پر خصوصی توجہ دی گئی ان میں اولالا، لانسر گولڈ، صاف (Saaf)، فیسینیٹ (Fesinate) اور یونیرون (Uniron) شامل ہیں۔ جب کہ سیڈ پورٹ فولیو سے گفتگو کے مرکزی موضوع آٹم کارن، ہائبرڈ رائس، ٹماٹر، بھنڈی اور مٹر پر زور دیا گیا۔

ٹریننگ کے رسمی سیشن کے بعد ٹیم کے افراد اختتامی تقریب کیلئے جمع ہوئے۔ اس موقع پر عبدالوہاب، بزنس منیجر نے اختتامی کلمات کہے جن میں ٹیم کی سائیکل میٹنگ میں مثبت اور پرجوش انداز میں شرکت کی تعریف کی۔ انہوں نے واضح کیا کہ کس طرح یہ تقاریب ان کی پیشہ ورانہ ترقی میں فائدہ مند ہوتی ہیں۔



آخر میں کوئز اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں میں انعامات تقسیم کئے گئے۔ سیلز میں عمدہ کارکردگی دکھانے والوں کی حوصلہ افزائی اور دیگر ممبران کو بھی اچھی کارکردگی کی ترغیب دینے کیلئے ان کو تحفے بھی پیش کئے گئے۔

اس طرح ٹیم کے افراد چیلنجز سے مقابلے کیلئے ایک نئے جوش وجذبہ کے ساتھ اپنے اپنے گھروں کو روانہ ہوئے۔

# ماسٹر بیچ پلانٹ سے پروڈکشن کا آغاز

## کمپنی کی حکمتِ عملی کے مطابق کیمیکلز بزنس کے پورٹ فولیوز میں اضافہ




آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ماسٹر بیچ پلانٹ سے پروڈکشن کا آغاز ہوگیا۔ یہ انتہائی جدید پلانٹ کراچی میں لگایا گیا ہے۔ کمپنی کے اعلان کے مطابق جولائی 2017 میں بورڈ نے اس منصوبے کی منظوری دی تھی جو کہ پلاسٹک کی بنی ہوئی اشیاء کو اپنے مختلف رنگوں کی بدولت خوبصورتی دیگا۔ گزشتہ چند سالوں میں ملک میں ماسٹر بیچ کی مارکیٹ میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے اور امید ہے کہ یہ اضافہ مستقبل میں بھی جاری رہیگا۔

جدید یورپین ٹیکنالوجی کا شاہکار اور تحقیق پر مبنی لیبارٹری کی بدولت آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اپنی جدت اور اعلی معیار کی وجہ سے اپنے کسٹمرز کو بہترین حل اور پروڈکٹ مہیا کریگی اور مارکیٹ میں اپنی پوزیشن کو مزید مستحکم کریگی۔ یہ جدید پلانٹ انڈسٹری کے ماہرین چلائیں گے اور تیکنیکی عملہ کسٹمرز کی مدد کیلئے حاضر رہے گا۔ اس موقع پر آصف جمعہ، چیف ایگزیکٹو، آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے کہا کہ "ہمارا کیمیکلز بزنس عملاً پاکستان کی تمام انڈسٹریز کو کئی دہائیوں سے خدمات مہیا کررہا ہے۔ ماسٹر بیچ کا منصوبہ ہمارے پروڈکٹ پورٹ فولیو میں اضافہ اور کسٹمرز کے لئے کاروبار کے مزید مواقع فراہم کرے گا۔ یہ نیا منصوبہ کمپنی کی ترقی کی رفتار میں بھی مزید اضافے کا باعث بنے گا"۔

# ایچ بی پلانٹ یونین معاہدہ

ہاکس نے پلانٹ (ایچ بی پلانٹ) پر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے زیر انتظام آنے کے بعد ورکرز یونین کی جانب سے کمپنی کی انتظامیہ کے ساتھ ورکرز کی جانب سے مطالبات ان کی یونین کے نمائندوں نے پیش کئے جس کی سربراہی ذمرد خان کررہے تھے۔ ان مطالبات پر کمپنی کی انتظامیہ کے ساتھ گفت و شنید کے مختلف ادوار ہوئے اور بالا آخر دونوں فریقوں نے ایک مشترکہ لائحہ عمل کے ساتھ معاہدے پر دستخط کئے۔ یونین اور انتظامیہ کے درمیان مذاکرات نہایت خوشگوار اور پر امن ماحول میں ہوتے اور دونوں نے ایک دوسرے کے مسائل کو نہایت توجہ اور دلچسپی سے سنا اور باہمی رضامندی سے ان کا حل بھی نکالا۔

یونین کی جانب سے افضل جسکانی (صدر)، زاہد سلیم (نائب صدر)، سید زمرد حسین شاہ (جنرل سیکریٹری)، حبیبہ انور (جوائنٹ سیکریٹری)، مناف شیخ (سیکریٹری امور مالیات)، سلمان انصاری (سوشل سیکریٹری) اور ذوالفقار حسین (ممبر منیجمنٹ کمیٹی) نے نمائندگی کی۔ جبکہ انتظامیہ کی جانب سے





عامر محمود ملک، (وائس پریذیڈنٹ فارماسیوٹیکلز بزنس) ڈاکٹر محمد اسلم چوہدری، حرا فرید (ایچ آر منیجر) اور نگزیب خان جدون (کارپوریٹ آئی آر۔ ایڈوائزر) اور حسین مٹھائی والا (ہیڈ آف آپریشنز) نے شرکت کی اور معاہدے پر دستخط کئے۔

ہمقدم
Published by Corporate Communications & Public Affairs Department
ICI House, 5 West Wharf, Karachi, 74000
Designed by AA Graphics / Printed by Appletree Graphics